Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 — جمعرات، 28 اگست 2025ء، 3 ربیع الاول 1447ھ، قیمت 10 روپے — شمارہ 151

وزیراعلیٰ کی زیر صدارت سیلابی صورتحال پر چار گھنٹے طویل اجلاس

سیلاب زدگان کیلئے ریلیف آپریشن، ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ، متاثرین کی بھرپور مدد کرینگے، پنجاب کے تمام تر سیلاب متاثرہ علاقوں کی صورتحال کا جائزہ، متاثرہ اضلاع میں ریلیف اور ریسکیو رپورٹ پیش

مریم نواز کا راوی پل کا دورہ، صورتحال کا جائزہ، شکرگڑھ میں 25 افراد کو ریسکیو کرنے والے قومی ہیرو ہیں، سیلاب قدرتی آفت ہے مگر عوام کے جان و مال کی حفاظت ہر صورت یقینی بنائیں گے، مریم نواز

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سیلابی صورتحال بارے اہم اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب میں سیلاب متاثرین کے لئے گرینڈ ریسکیو اینڈ ریلیف آپریشن جاری ہے، ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ، عملے کی چھٹیاں منسوخ کردی گئیں۔ 38 سال بعد پنجاب کی تاریخ میں پہلی بار تین دریاؤں میں سیلاب کی وجہ سے صوبے میں سب سے بڑا اور غیر معمولی ریسکیو اینڈ ریلیف آپریشن شروع کیا گیا، دریائے راوی، ستلج اور (بقیہ نمبر 8)

سینئر صحافی عامر محمود کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار

صحافت میں عامر محمود کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، عظمیٰ بخاری

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے سینئر صحافی اور سی پی این ای کے سابق جنرل سیکرٹری عامر محمود کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ عامر محمود صحافت میں ایک معتبر اور بڑا نام تھے، جنہوں نے آزادی صحافت اور صحافی برادری کی خدمت کے لیے نمایاں کردار ادا کیا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے (بقیہ نمبر 9)

سزا کاٹنے کے بعد ملزم نے بیوی، بیٹی، سسر سمیت 4 افراد قتل کر دیئے

ملزم نے تمام افراد کو چھری کے وار کر کے قتل کیا، چھوٹے بیٹے نے بھاگ کر اپنی جان بچائی، مقدمہ درج

لاہور (این این آئی) تھانہ ہیئر کے علاقے میں ملزم نے جیل میں 2 سال کی سزا کاٹنے کے بعد اپنی بیوی، بیٹی اور سسر سمیت 4 افراد کو چھری کے وار سے قتل کر دیا، ملزم نے تمام افراد کو چھری کے وار کر کے قتل کیا اور فرار ہو گیا۔ (بقیہ نمبر 12)

پاکستان سے افرادی قوت بیلاروس بھیجنے کیلئے ایم او یو پر دستخط

ٹیکسٹائل، توانائی اور کنسٹرکشن کے شعبوں میں پاکستانیوں کو روزگار فراہم کیا جائے گا، ایم او یو کا متن

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بیلاروس کے مابین اسکلڈ ورک فورس کو روزگار کی فراہمی سے متعلق ایم او یو پر دستخط ہوگئے۔ ایم او یو پر وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز چوہدری سالک حسین اور بیلاروس کے وزیر (بقیہ نمبر 11)

پنجاب کی جھیلوں کو سیاحت کے مراکز بنا رہے ہیں، مریم نواز

خوشاب، کلر کہار اور دیگر علاقوں کی قدرتی جھیلوں کو محفوظ اور اپ گریڈ کیا جا رہا ہے، جھیلوں کے دن پر پیغام

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ جھیلیں ہماری ثقافت، سیاحت اور ماحول کی شناخت ہیں، پنجاب کی جھیلوں کو سیاحت کے مراکز بنا رہے ہیں۔ جھیلوں کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ (بقیہ نمبر 10)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سیلابی صورت حال بارے اہم اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

کسی بھی صوبے میں سیلابی صورتحال سے پیدا مسائل کو ملکی سطح پر مکمل ہم آہنگی سے حل کیا جائے گا، شہباز شریف

سیلابی ریلوں نے تباہی مچا دی، فوج طلب

راوی، چناب اور ستلج بپھر گئے، ہیڈ قادر آباد کو بچانے کیلئے چناب کے 2 بند توڑ دیئے گئے، سینکڑوں دیہات زیر آب، بھارت نے دریائے راوی میں 2 لاکھ کیوسک کا ریلا چھوڑ دیا، پانی کرتارپور کوریڈور میں داخل

فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ہدایت پر سیلابی علاقوں میں امدادی کارروائیاں جاری ہیں، ڈی جی آئی ایس پی آر، وزیراعظم کی پنجاب میں ممکنہ اربن فلڈنگ سے نمٹنے کیلئے تمام انتظامی اقدامات فوری اٹھانے کی ہدایت

لاہور/قصور/گوجرانوالہ/منڈی بہاؤالدین/نارووال (این ای این) بھارت کی جانب سے دریاں میں پانی چھوڑنے اور مسلسل بارشوں کے بعد پنجاب کے بڑے دریاؤں میں پانی کی سطح بلند ہو کر خطرناک حد کے قریب پہنچ گئی، بھارتی ہائی کمیشن کی جانب سے پاکستان کو سیلاب سے متعلق فراہم کی گئی نئی معلومات کی بنا پر انڈس واٹر کمیشن نے دریائے چناب اور راوی کے مختلف مقامات (بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد (این این آئی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ حالت جنگ ہو یا امن، پاک فوج عوام کے ساتھ ہے، آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ہدایت پر سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں جاری (بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے جاپان بینک برائے بین الاقوامی تعاون کے ڈی جی مائننگ اینڈ میٹلرجی فنانس ڈیپارٹمنٹ مسٹر تاروکاٹو نے ملاقات کی

اسپیکر سردار ایاز صادق کی بھارت کی آبی دہشتگردی کی شدید مذمت

اسپیکر سردار قومی اسمبلی ایاز صادق کا پنجاب کے مختلف اضلاع میں سیلاب متاثرین سے یکجہتی کا اظہار

بھارت نے عالمی قوانین کی سنگین خلاف ورزی کرتے ہوئے ایک ہی وقت میں غیر معمولی مقدار میں پانی چھوڑا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پنجاب کے مختلف اضلاع میں حالیہ سیلاب کے باعث ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ مون سون بارشوں کے نتیجے میں دریاؤں میں پانی کی سطح میں غیر معمولی اضافہ ہوا، جس کی وجہ سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزمائش کی اس مشکل گھڑی میں پارلیمان اور پوری قوم متاثرہ بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے متعلقہ اداروں (بقیہ نمبر 6)

پنجاب میں تباہ کن سیلابی صورتحال کے باوجود تمام ادارے متحرک ہیں، عظمیٰ بخاری

وزیراعلیٰ پنجاب جاپان حکومت کی خصوصی دعوت پر دورے پر گئیں، جنہیں جرمنی اور جاپان کی سرحد کا فرق معلوم نہیں وہ بلاوجہ تنقید کر رہے ہیں

اصلاحی تنقید کا خیر مقدم کرتے ہیں، مگر کپڑوں اور جوتوں پر اعتراضات غیر مناسب رویہ ہے: عظمیٰ بخاری

آٹے کی قیمت کے حوالے سے وزیراعلیٰ نے سخت ہدایات جاری کر رکھی ہیں، پنجاب میں ادویات کی کوئی قلت نہیں: وزیر اطلاعات پنجاب

"ستھرا پنجاب" پروگرام کو جاپان میں غیر معمولی پذیرائی ملی، ماحول دوست اقدامات کو سراہا گیا، وزیر بلدیات ذیشان رفیق

وزیراعلیٰ پنجاب کا جاپان کا دورہ مکمل منصوبہ بندی اور بھرپور تیاری کے ساتھ ہوا، ہر پہلو پر عملی اقدامات ہوں گے، وزیر مواصلات صہیب احمد بھرت

سیلابی صورتحال کا مستقل حل صرف ڈیموں کی تعمیر ہے، اسی لیے حکومت پنجاب پانی کے ذخائر پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، وزراء

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایات پر تمام ادارے سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پہلے دن سے متحرک ہیں۔ سیالکوٹ میں گیارہ سالہ بارش کا ریکارڈ ٹوٹنے اور راوی میں 38 سال بعد آنے والی غیر معمولی صورتحال کے باوجود متاثرہ شہریوں کو بروقت ریسکیو کیا گیا اور کسی قسم کے جانی نقصان کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ عظمیٰ بخاری نے بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب جاپان سے واپسی پر جہاز میں بھی سیلابی صورتحال پر اعلیٰ سطح اجلاس منعقد کر چکی ہیں اور آج بھی (بقیہ نمبر 1)

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری صوبائی وزراء ذیشان رفیق اور ملک صہیب بھرتھ کے ہمراہ ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کررہی ہیں

ریکوڈک منصوبے کیلئے 6 ارب ڈالر کے عالمی فنڈز منظور

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی معاونت سے امریکا، جاپان سمیت دیگر عالمی مالیاتی اداروں نے ریکوڈک منصوبے کیلئے 6 ارب ڈالر کے خطیر فنڈز کی منظوری دے دی۔ ذرائع کے مطابق 6 بلین ڈالر کی مجموعی فنڈنگ میں اے ڈی بی اور ورلڈ بینک کی جانب سے 1.05 بلین ڈالر کی (بقیہ نمبر 13)

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت مستحقین کیلئے مربوط شکایات کے نظام (iGMS) کا اجراء

یہ نظام مستحق خاندانوں کے لیے بہتر خدمات کی فراہمی اور جوابدہی کے حوالے سے بی آئی ایس پی کے عزم کو مزید تقویت بخشتا ہے

افتتاح صدر اے ڈی بی مسٹر مساتو کنڈا نے بی آئی ایس پی ون ونڈو فیسلیٹیشن سینٹر اسلام آباد میں اپنے اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ اسکرین کو چھو کر کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت مستحقین کیلئے ایک مربوط شکایات کے نظام (iGMS) کا اجراء (Integrated Grievance Management System) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام نے اپنے مستحقین کے لیے شکایات کے اندراج سے لے کر ان کے حل تک کیلئے ایک منفرد اور شفاف شکایتی نظام (iGMS) کا اجراء کردیا ہے۔ یہ نظام ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB) کی تکنیکی معاونت سے تیار کیا گیا ہے جو پاکستان کے سب سے زیادہ مستحق خاندانوں کے (بقیہ نمبر 7)

IGMS نظام کے افتتاح کے موقع پر چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد و دیگر کا گروپ فوٹو

29 اگست سے 2 ستمبر تک مزید طوفانی بارش کا الرٹ جاری

عوام بجلی کی گرج چمک اور طوفانی صورت حال میں کھلے آسمان تلے ہرگز نہ جائیں

لاہور (این ای این) صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے صوبے کے بالائی حصوں میں مون سون بارشوں کے 9ویں اسپیل کا الرٹ جاری (بقیہ نمبر 21)

صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ، ڈپٹی کمشنر نارروال کے ہمراہ کشتی میں سوار ہو کر گردوارہ کرتار پور صاحب میں پھنسے مقامی یاتریوں کے ریسکیو آپریشن میں حصہ لے رہے ہیں

سندھ اسمبلی کے اراکین کی تنخواہوں میں 3 لاکھ روپے اضافہ کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) سندھ اسمبلی کے اراکین کی تنخواہوں میں 3 لاکھ روپے اضافے کا امکان ہے، جس کے بعد ایم پی اے کی تنخواہ 4 لاکھ 50 ہزار روپے سے زائد ہو جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق اسپیکر سندھ اسمبلی اویس قادر شاہ کی صدارت میں اراکین سندھ اسمبلی کی تنخواہوں میں اضافے کے (بقیہ نمبر 23)

پی ٹی آئی کے دو اراکین اسمبلی قائمہ کمیٹیوں کی رکنیت سے مستعفی

پی ٹی آئی کے دو اراکین کے علاوہ کسی کا استعفیٰ موصول نہیں ہوا ہے، قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے دو اراکین اسمبلی نے سیاسی کمیٹی کے فیصلے کے بعد قائمہ کمیٹیوں کی رکنیت سے استعفیٰ دے دیا۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 22)

کیپیٹل ایمرجنسی سروسز کیلئے مختلف پوزیشنز پر بھرتی کے عمل کی منظوری

تمام ایمرجنسی آپریشنز کی بہتر نگرانی اور ٹریکنگ کیلئے اسٹیٹ آف دی آرٹ ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) بھی بنایا جائے گا

چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت سی ڈی اے بورڈ کا پندرہواں اجلاس منعقد ہوا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت سی ڈی اے بورڈ کا پندرہواں اجلاس سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ممبر ایڈمن و اسٹیٹ طلعت محمود، ممبر فنانس طاہر نعیم، ممبر انوائرمنٹ اسفندیار بلوچ، ممبر پلاننگ ڈاکٹر خالد حفیظ، ممبر انجینئرنگ سید نفاست رضا جبکہ پروفیسر ڈاکٹر محمد علی وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی نے بذریعہ زوم لنک شرکت کی۔ سی ڈی اے بورڈ کے پندرہویں اجلاس میں متعدد ایجنڈا آئٹمز زیر بحث لائے گئے۔ سی ڈی اے بورڈ کے (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد، چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا سی ڈی اے بورڈ کے پندھویں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب ضیغم نواز کو تمغہ امتیاز

تقریب میں ڈائریکٹر ضیغم نواز کو گارڈ آف آنر پیش کیا گیا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب ضیغم نواز گجر کو حکومت پاکستان کی جانب سے بہترین کارکردگی پر تمغہ امتیاز سے نوازا گیا۔ ایوارڈ صدر پاکستان آصف علی زرداری نے دیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر طالب (بقیہ نمبر 16)

ایتھوپین فضائیہ کے کمانڈر کا ایئر ہیڈکوارٹرز کا دورہ

ایتھوپین فضائیہ کی استعداد کار بڑھانے کے ساتھ ساتھ جدید تربیت اور آپریشنل شعبوں میں اسکی ہر ممکن مدد کے لیئے پرعزم ہے

لیفٹیننٹ جنرل یلما مرداسا نے پاک فضائیہ کی جانب سے پرتپاک استقبال اور مہمان نوازی پر ایئر چیف کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ایتھوپین فضائیہ کے کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل یلما مرداسا نے ایئر ہیڈکوارٹرز اسلام آباد کے دورے کے دوران سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران سربراہان نے پیشہ ورانہ دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے دونوں فضائی افواج کے مابین تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ لیفٹیننٹ جنرل یلما مرداسا کی آمد پر پاک فضائیہ کے ایک چاق و چوبند دستے نے انہیں گارڈ آف آنر پیش کیا۔ (بقیہ نمبر 5)

پاک فضائیہ کے ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ایتھوپین فضائیہ کے کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل یلما مرداسا ملاقات کررہے ہیں

پولیو کے دو قطرے زندگی کی ضمانت ہیں، ماسٹر سید لیاقت علی

پولیو سے بچاؤ کے لئے آگاہی، بچوں کے ذریعے والدین تک پیغام رسانی

کشمور (سید رشید احمد شاہ) غوشپور: پرائمری اسکول کے ہیڈ ماسٹر کی جانب سے پولیو سے بچاؤ کے لیے آگاہی، بچوں کے ذریعے والدین تک پیغام رسانی، غوشپور یوسی غوشپور پارٹ 4- میں واقع گورنمنٹ پرائمری اسکول میں ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے ہیڈ (بقیہ نمبر 17)

ورکرز کی تنخواہوں میں تاخیر، ابتک نیوز کو نوٹس جاری

ابتک نیوز کے چیف ایگزیکٹو آئندہ دو ہفتوں کے دوران تحریری شکایت پر اپنا جواب پیمرا ہیڈکوارٹر اسلام آباد میں جمع کرائیں

پیمرا احکام نے یہ فوری ایکشن راولپنڈی اسلام یونین آف جرنلسٹس کے صدر طارق عثمانی کی تحریری شکایت پر لیا ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین پیمرا محمد سلیم بیگ نے ابتک نیوز کی انتظامیہ کی طرف سے ورکرز کی تنخواہوں میں تاخیر، کم از کم اجرت کے قانون پر عملدرآمد نہ کرنے اور جبری برطرفیوں کے خلاف سختی سے نوٹس لیتے ہوئے ابتک نیوز کے چیف ایگزیکٹو کو حکم دیا ہے کہ آئندہ دو ہفتوں کے دوران تحریری شکایت پر اپنا جواب پیمرا ہیڈکوارٹر اسلام آباد میں جمع کرائیں۔ پیمرا احکام نے یہ فوری ایکشن راولپنڈی اسلام یونین آف جرنلسٹس کے صدر طارق عثمانی کی تحریری شکایت پر لیا ہے جس میں انکشاف کیا گیا تھا کہ ابتک ٹی وی چینل باقاعدہ طور پر ایک بڑے بیگار کیمپ میں بدل چکا ہے اور یہی صورت حال دیگر ٹی وی چینلوں میں بھی دیکھی گئی ہے درخواست میں تحریر کیا گیا تھا کہ 25 اگست 2025 کو اسلام آباد میں قائم ابتک نیوز ٹی وی چینل کے ملازمین نے تنخواہوں میں تاخیر، ادارے سے ورکرز کی جبری برطرفیوں اور کم از کم بنیادی اجرت کی عدم ادائیگی کے خلاف کام چھوڑ ہڑتال کر رکھی تھی (بقیہ نمبر 3)

پیرودھائی چار نمبر چونگی میں جشن عید میلاد النبیؐ کے سلسلہ میں کیے گئے چراغاں کا منظر

چکوال ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کی زیر صدارت جلاس

پیرا فورس بنانے کا مقصد شہریوں کی فلاح و بہبود کو فروغ دینا ہے

چکوال (خاور شہزاد سے) چکوال ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کے زیر صدارت ایک اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اے ڈی سی آر محمد شہاب اسلم، اے ڈی سی جی بلال بن عبد الحفیظ، اسسٹنٹ کمشنرز، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر ہمایوں رشید (بقیہ نمبر 18)

ایس ڈی پی او تنگوانی وسیم ممتاز کلوڑ کے اعزاز میں الوداعی تقریب

ایس ڈی پی او تنگوانی کی پیشہ وارانہ خدمات کو خوب سراہا گیا

کشمور (سید رشید احمد شاہ) ایس ایس پی کشمور محمد مراد گانگھرو کی جانب سے ایس ڈی پی او تنگوانی وسیم ممتاز کلوڑ کے اعزاز میں الوداعی تقریب، ایس ایس پی کشمور (بقیہ نمبر 19)

سہ روزہ تربیتی سیشن 27 سے 29 اگست تک جاری رہے گا

سہ روزہ بین الاقوامی چائنیز ماہرین کی ٹیم، بلیو اسکائی ریسکیو انٹرنیشنل کے تعاون سے سوفٹ واٹر ریسکیو تربیتی پروگرام کا افتتاح

افتتاح سی ڈی اے کے ممبر فنانس طاہر نعیم نے کیا، ایمرجنسی و ڈیزاسٹر مینجمنٹ، فائر بریگیڈ سمیت ریسکیو 1122 کے سینئر افسران و عملے نے شرکت کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد کی ہدایات پر سی ڈی اے کے ممبر فنانس طاہر نعیم نے سہ روزہ بین الاقوامی چائنیز ماہرین کی ٹیم، بلیو اسکائی ریسکیو انٹرنیشنل کے تعاون سے اسلام آباد کے مقامی ہوٹل میں سوفٹ واٹر ریسکیو تربیتی پروگرام کا بطور مہمان خصوصی افتتاح کیا۔ تقریب میں ایمرجنسی و ڈیزاسٹر مینجمنٹ، فائر بریگیڈ سمیت ریسکیو 1122 کے سینئر افسران و عملے نے شرکت کی۔ سوفٹ واٹر ریسکیو تربیتی پروگرام میں سات رکنی چینی ماہرین کی ٹیم، جس کی قیادت بلیو اسکائی ریسکیو ٹیم کے کمانڈر ژونگ یانگ کر رہے ہیں، نے مقامی عملے کی (بقیہ نمبر 4)

سوفٹ واٹر ریسکیو تربیتی پروگرام میں شریک ٹیموں کا گروپ فوٹو

چار ارب سے تیار مہوٹہ ڈیم میں محکمہ فشریز نے 60 ہزار مچھلیوں کا پونگ ڈال دیا

سیاحت کے بہترین مرکز خوبصورت ڈیم کیلئے عوام نے 10 ہزار کنال قیمتی اراضی عطیہ کی تھی، ڈاکٹر ممتاز احمد کا خطاب

تقریب میں محکمہ فشریز کے ڈپٹی ڈائریکٹر وقاص حمید کی سربراہی میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر اور سیاسی سماجی شخصیات کی شرکت

راولپنڈی (خصوصی رپورٹ/عبدالرحمان) سب ڈویژن ڈائریکٹر وقاص حمید کی سربراہی میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر نے اپنی ٹیم کے ہمراہ یہ کام سرانجام دیا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ ڈیم مچھلیوں کی افزائش کیلئے بہترین آماجگاہ ثابت ہو گا۔ اس موقع پر مہوٹہ سے تعلق رکھنے والے ملک کے معروف یورالوجسٹ اور سماجی شخصیت ڈاکٹر ممتاز احمد بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر ممتاز احمد نے کہا کہ مہوٹہ ڈیم چار ارب سے زائد کی خطیر رقم سے گزشتہ دس سال کی مسلسل محنت سے اپنی تکمیل کے آخری مراحل کی طرف گامزن ہے۔ ڈیم کیلئے مہوٹہ گاؤں کے (بقیہ نمبر 14)

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بھارت کی طرف سے پانی چھوڑنے کی سفارتی ذرائع سے اطلاع

بھارت نے مئی میں جنگی صورتحال کے بعد پاکستان سے دوسرا باقاعدہ رابطہ کیا ہے اور دریائے ستلج میں مزید پانی چھوڑنے اور سیلاب کی پیشگی کی اطلاع دی ہے۔ بھارتی ہائی کمیشن اسلام آباد کی طرف سے وزارتِ خارجہ کے حکام کو دریائے ستلج میں مزید پانی کی آمد سے آگاہ کیا گیا۔ بھارتی ہائی کمیشن نے پاکستانی حکام سے تیسرا رابطہ بھی کیا۔ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے دریائے راوی پر درمیانے درجے کے سیلاب کا الرٹ جاری کر دیا ہے۔ دریائے راوی اور اس کے ملحقہ ندی نالوں میں شدید بارشوں کے باعث تھین ڈیم 1717 فٹ کے ساتھ 86 فیصد تک بھر چکا ہے۔ این ڈی ایم اے کے مطابق، ڈیم سے اخراج کی صورت میں سیالکوٹ، نارووال، قصور اور گردونواح کے نشیبی علاقے متاثر ہو سکتے ہیں۔ پاکپتن کی بستی چکر آلو کا اور کنڈ نین سنگھ کے حفاظتی بند بھی ٹوٹ گئے، سیلابی پانی قریبی آبادیوں میں داخل ہو گیا، علاقہ مکین اپنی مدد آپ کے تحت بند باندھنے میں مصروف ہیں۔ ستلج سے متاثرہ اضلاع میں قصور، اوکاڑہ، پاکپتن، بہاولنگر اور وہاڑی شامل ہیں۔ بہاولنگر ضلع کی تحصیل منچن آباد کے علاقوں وزیرا گدوکا، میکلوڈ گنج میں سیلابی ریلے نے بڑے پیمانے پر کھڑی فصلوں کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ خاص طور پر دھان، تل اور چارہ جات کی فصلیں مکمل طور پر تباہ ہو گئی ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ معاہدے کے تحت بھارت نے سیلاب کی وارننگز سندھ طاس کمیشن کے بجائے سفارتی چینلجز سے دیں۔ پاکستان نے اعادہ کیا بھارت معاہدے کی تمام شقوں پر مکمل عمل درآمد کا پابند ہے۔ بھارت کا سندھ طاس معاہدے کو معطل قرار دینا بین الاقوامی قانون کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ بھارت کے یکطرفہ اقدامات جنوبی ایشیا کے امن واستحکام پر سنگین منفی اثرات ڈال سکتے ہیں۔ ایسا پہلی بار نہیں ہوا کہ بھارت نے ایسی مذموم حرکتوں کے ذریعے یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ وہ ایک شدت پسند اور جنونی ریاست ہے۔ مودی سرکار اپنی حرکتوں سے یہ ثابت کر رہی ہے کہ اس کا وجود خطے اور عالمی امن کے لیے مسلسل ایک خطرہ بنا ہوا ہے۔ بھارت کی جانب سے چھوڑا جانے والا پانی ہمارے لیے، بہت سی مشکلات پیدا کر سکتا ہے، لہٰذا اس سلسلے میں پیشگی اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ عالمی عدالت بھی کہہ چکی ہے کہ بھارت یکطرفہ سندھ طاس معاہدہ معطل نہیں کر سکتا۔ اس کے باوجود بھارت معاہدے کو معطل کیے ہوئے ہے۔ عالمی عدالت کو اس کا فوری اور سخت نوٹس لینا چاہیے۔

بہترین عمل

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

زینب بیٹی بہت دنوں کے بعد اپنے خاوند اور تین سالہ بیٹے کے ساتھ ملنے آئی تھی آ کر کہنے لگی انکل میں اپنی فیملی کے ساتھ عمرے کی سعادت حاصل کر کے واپس آئی ہوں تو آپ کے تبرکات لے کر آپ کو سلام کرنے آ گئی بہت دیر تک مکہ مدینہ کے روح پرور واقعات مشاہدات کا تذکرہ کرنے کے بعد جب واپس جانے لگی تو بولی انکل دعا کیجیے گا میرا خاتمہ ایمان پر ہو۔ اللہ تعالیٰ ابا جان کی طرح مجھے بھی موت بھی نیک دے زینب یہ بات کہہ کر چلی گئی تو مجھے بہت سال پہلے کی ننھی منی زینب یاد آ گئی ماضی کی چلمن سے یادوں کے دھند لکے چھٹنے لگے جب زینب اپنے والد صاحب میاں صاحب جن کو لاہور پیار سے حاجی صاحب کہا کرتے تھے کے ساتھ آتی تھی حاجی صاحب پہلی دفعہ مجھ فقیر سے ملنے آئے تو بولے پروفیسر صاحب اللہ کا دیا سب کچھ ہے میں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنا چاہوں تو عمر خضر چاہیے اللہ کے انعامات میرے سر کے بالوں سے زیادہ ہیں جب حاجی صاحب اللہ کی نعمتوں کا شکریہ ادا کر رہے تھے مجھے بہت اچھا لگا میرے پاس ارب پتی اعلیٰ سرکاری آفیسر بڑے وڈیرے زمیندار اعلیٰ عدلیہ کے جج صاحبان حتیٰ کہ زندگی کے ہر شعبے کے امرا بڑے صاحب اقتدار بھی جب آتے ہیں تو اللہ کی موجودہ نعمتوں کا شکریہ ادا کرنے کی بجائے جو تھوڑی بہت کمی یا آزمائش ہے اس پر روتے پیٹتے نظر آتے ہیں اللہ تعالیٰ نے بچپن سے جوانی بڑھاپے تک جو انعامات کی بارش کی ہے اس ادراک نہیں بلکہ جو تھوڑی سی وقتی پریشانی یا الجھن ہے اس پر شکوے شکایتوں کے رجسٹر کھول کر بیٹھ جاتے ہیں پروفیسر صاحب خوب عبادت سخاوت کرتا ہوں لوگوں کے مہینے بھی لگائے ہوئے ہیں مدرسوں میں بھی ماہانہ بنیاد پر پیسے دیتا ہوں پھر بھی یہ پریشانی مشکل کیوں آن پڑی پیرو ں فقیروں امام مسجد کی بھی خدمت کرتا ہوں یعنی اگر اللہ نے ساری زندگی جو منہ سے نکالا وہ پورا کیا وہ یاد نہیں لیکن اگر زندگی کی کسی سٹیج پر تھوڑی بہت آزمائش آ گئی تو جیسے مصیبتوں کے پہاڑ آن پڑے ہوں زیادہ تر اکثریت چھوٹے موٹے عارضی مسئلوں پر آئیں بھرتے شکوے کرتے نظر آتے ہیں شکوں کے اس ہجوم میں جب بھی کوئی انسان آ کر صبر شکر اللہ کی موجود نعمتوں کا اقرار شکر ادا کرتا ہے تو لگتا ہے شدید حبس میں ہوا کا تازہ ٹھنڈ جھونکا آیا جس سے روح معطر اور سرشار ہو گئی اسی طرح زینب کے بابا جان حاجی صاحب آ کر پہلے خوب اللہ کی نعمتوں کا اقرار شکر کرتے پھر کہتے تھوڑی سی آزمائش آ گئی ہے اس میں بھی سوہنے رب کی کوئی حکمت ہو گی آپ دعا کریں حاجی صاحب کی سات بیٹیاں تھیں دو کی شادی ہو گئی تھی اب مزید دو بیٹیاں جوان تھیں جن کی شادی کا وقت آیا تو حاجی صاحب نے ہاتھ پاں مارنے شروع کر دیئے کیونکہ حاجی صاحب مجھے بتا چکے تھے کہ بچیاں یتیم ہیں ان کی ماں نہیں ہے میں ہی ماں بھی ہوں میں جب بچیوں کی ماں کی ذکر کرتا تو حاجی صاحب بات کو ٹال جاتے اس لیے میں اب دانستہ طور پر بچیوں کی ماں کا ذکر نہیں کرتا تھا حاجی صاحب کی کل کائنات یہ سات بیٹیاں تھیں جن کے لیے حاجی صاحب زندہ تھے خاندانی کام آڑھت تھا چند دوکانیں اپنا گھر تھا اتنی کمائی ہو جاتی کہ گھر کے معاملات احسن طریقے سے چل جاتے بلکہ بہت سارے پیسے بچ جاتے حاجی صاحب ہر سال حج یا عمرے پر ضرور جاتے جہاں تک ممکن ہوتا یتیموں مسکینوں کی مدد بھی خاموشی سے کرتے حاجی صاحب کی اِن خوبیوں کی وجہ سے میں ان کی بہت قدر کرتا تھا وہ جب بھی آتے پیار احترام سے ملتا حاجی صاحب نیک انسان تھے نماز روزے کے پابند سخاوت دوسروں کی مدد پر ہر وقت تیار دنیاوی کوئی عیب نہیں تھا حاجی صاحب شاندار مثالی اسلامی زندگی گزار رہے تھے اِس کے باوجود وہ ہر ملاقات پر یہ ضرور کہتے پروفیسر صاحب دعا کریں میرا خاتمہ ایمان پر ہو تو میں کہتا حاجی صاحب آپ ایک مکمل دینی بھائی ہیں آپ کو یقیناً اللہ تعالیٰ معاف کرے گا آپ پریشان نہ ہوا کریں تو حاجی صاحب آسمان کی طرف اشارہ کر کے کہتے موت پہلی گھاٹی ہے اگر پہلی گھاٹی خاتمہ ایمان پر ہوا موت اچھی نیک آئی تو امید ہے خیر او روز محشر کے معاملات بھی ٹھیک ہوں گے لیکن اگر خاتمہ ایمان پر نہ ہوا تو مسئلہ بہت خراب ہے وقت کا بے راس گھوڑا دوڑتا رہا سالوں پر سال گزرتے چلے گئے آخر کار حاجی صاحب کی ساتوں بیٹیاں شادی کر کے پردیسن ہو گئیں زینب بھی جوان ہوئی تو حاجی صاحب نے خاندان میں ہی اچھا لڑکا دیکھ کر اس کو گھر داماد بنا کر گھر میں رکھ لیا کاروبار کے معاملات زینب کے میاں کے سپرد کر دیئے اب کبھی کبھار میرے پاس آ جاتے عمرے پر جب موقع ملتا کمزوری بڑھاپے کی وجہ سے معاشرتی سرگرمیوں کو ترک کر دیا اب زیادہ وقت مسجد میں ہی گزارتے ظہر کی نماز کے لیے مسجد جاتے تو اکثر عشا کی نماز کے بعد ہی گھر آتے پھر اچانک ایک دن زینب کا آہوں سسکیوں میں روتے ہوئے فون آیا انکل میرے ابو آپ کے حاجی صاحب اب اِس دنیا میں نہیں رہے تین دن پہلے ان کا انتقال ہو گیا میرے دل میں برسوں سے ایک سوال پھڑ پھڑا رہا تھا میں نے فوری پوچھا بیٹی حاجی صاحب کی موت کیسے واقع ہوئی تو زینب گلوگیر لہجے میں بولی وہ فجر کی نماز میں سجدے میں تھے کہ سجدے کی حالت میں ہی اللہ کے پاس چلے گئے ان کی برسوں کی دعا قبول ہوئی جو وہ سب سے آپ سے خانہ کعبہ جا کر خاتمہ بالخیر کی دعائیں کرتے اور کراتے تھے تو میں بولا بیٹی وہ حاجی نمازی تھے سخاوت کرتے تھے ان کی یہ خواہش تو پوری ہونی تھی تو زینب بولی یہ نیکیاں تو وہ کرتے ہی تھے ان کی اصل نیکی کوئی اور ہے جو راز ہے وہ میں آ کر آپ کو بتاں گی زینب کا فون بند ہو گیا تو میری حیرتوں کے دریچے کھل گئے کہ حاجی صاحب اور کونسی بڑی نیکی کرتے تھے جس کا مجھے نہیں پتہ اور وہ خاص نیکی ایسی قبل ہوئی کہ حاجی صاحب کو سجدے میں موت نصیب ہوئی جو نیک لوگوں کی نشانی ہے اب شدت سے انتظار میں تھا کہ زینب کب آ کر بتائے گی اس راز سے پردہ اٹھائے گی کہ حاجی صاحب کا خاتمہ بالخیر ہوا پھر انتظار ختم ہوا چند دن بعد زینب میرے پاس آئی تو ہم دیر تک حاجی صاحب کی باتیں اور نیکیاں یاد کرتے رہے پھر بولی انکل آج میں آپ کو وہ نیکی بتاتی ہوں جو بابا جان کو سجدے میں موت نصیب ہوئی وہ راز یہ ہے کہ ہم حاجی صاحب کی سگی بیٹیاں نہیں ہیں حاجی صاحب نے تو ساری زندگی شادی ہی نہیں کی میں حاجی صاحب کے بھائی کی بیٹی ہوں میرے والدین کا روڈ حادثے میں انتقال ہوا تو ہم دو بہنیں تھیں حاجی صاحب نے ہمیں اپنی بیٹیاں بنا لیا اور وعدہ لیا وہ شادی نہیں کریں گے خاندان میں پانچ اور یتیم بیٹیاں تھیں ان کو بھی گھر لے آئے اب انہوں نے ساری زندگی پرائی بیٹیوں کو سگی اولاد کی طرح پالا شادیاں کیں یہ وہ نیکی تھی جو انہیں سجدے میں موت نصیب ہوئی زینب حاجی صاحب کی بہت ساری باتیں کر کے چلی گئی تو مجھے حاجی صاحب کا بار بار خاتمہ خیر کا سوال یاد آنے لگا کہ اللہ تعالیٰ کو اگر منانا ہو تو انسان کی خدمت سے بہتر کوئی عمل نہیں۔

"حالیہ سیلاب اللہ کا عذاب! اجتماعی توبہ کی ضرورت"

(حاجی محمد لطیف کھوکھر)

پاکستان میں حالیہ دنوں ہونے والی بارشوں اور سیلاب نے جس پیمانے پر تباہی مچائی ہے، وہ ہمارے اجتماعی طرزِ عمل کے لیے ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ خیبر پختونخواہ کے مختلف اضلاع میں کلاؤڈ برسٹ اور موسلا دھار بارشوں نے گاؤں کے گاؤں اجاڑ دیے، کھیت کھلیان بہا دیے اور سینکڑوں خاندانوں کو غم واندوہ کے اندھیروں میں دھکیل دیا۔ یہ سب کچھ محض ایک اتفاق نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک سخت تنبیہ ہے کہ ہم اپنے گناہوں اور غفلت سے باز آ جائیں۔ قرآنِ کریم ہمیں بار بار یاد دلاتا ہے کہ جو مصیبت انسان پر آتی ہے وہ اس کے اپنے ہاتھوں کے اعمال کا نتیجہ ہوتی ہے۔ پچھلی قوموں کے واقعات، چاہے وہ قوم نوح ہو یا عاد وثمود یا قوم لوط، سب ہمارے سامنے ہیں کہ جب انہوں نے اللہ کی نافرمانی کو اپنا شیوہ بنایا تو ان پر آسمان اور زمین سے عذاب نازل ہوا۔ آج اگر ہم اپنی سوسائٹی پر نظر ڈالیں تو ہمیں جگہ جگہ بے حیائی، فحاشی، سود، رشوت، ظلم، جھوٹ، دھوکہ دہی اور دین سے غفلت نظر آتی ہے۔ ایسے میں ان آفات کا آنا کوئی حیرت کی بات نہیں بلکہ یہ اللہ کی غیرت اور غضب کا مظہر ہے۔ خیبر پختونخواہ میں حالیہ بارشوں نے ضلع بونیر کو سب سے زیادہ متاثر کیا جہاں کلاؤڈ برسٹ کے باعث محض ایک گھنٹے میں ڈیڑھ سو ملی میٹر بارش ہوئی جس سے پورا علاقہ تباہی کی لپیٹ میں آ گیا۔ شادی کی تقریبات جنازوں میں بدل گئیں اور ایک ہی وقت میں درجنوں گھروں کے چراغ گل ہو گئے۔ سوات، شانگلہ، مانسہرہ، بٹگرام، باجوڑ، ایبٹ آباد اور لوئر دیر میں بھی بارشوں اور سیلاب نے قیامت صغریٰ برپا کر دی۔ مکانات زمین بوس ہو گئے، دریاؤں کے کنارے بستیاں بہہ گئیں اور زمین کھسکنے کے واقعات نے مزید جانی ومالی نقصان پہنچایا۔ اس وقت خیبر پختونخواہ کے ہزاروں لوگ بے گھر ہیں اور کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ یہ معاملہ صرف خیبر پختونخواہ تک محدود نہیں رہا بلکہ ملک کے دوسرے حصے بھی اس سے محفوظ نہیں رہے۔ کراچی جیسا بڑا شہر بھی بارش کے ریلوں میں ڈوب گیا، جہاں ناقص نکاسی آب اور بے ہنگم آبادی نے شہریوں کے لیے عذاب کی کیفیت پیدا کر دی۔ گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے برفانی علاقوں میں بھی بارشوں کے ساتھ ساتھ گلیشیئرز کے پگھلنے اور ندی نالوں میں طغیانی نے کئی بستیاں اجاڑ دیں۔ بعض مقامات پر گلیشیئر لیک اوٹ برسٹ نے نئی آفات کو جنم دیا جس سے شمالی پاکستان کے رہائشی بھی شدید متاثر ہوئے۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق جون سے لے کر اب تک سات سو سے زائد افراد اس سیلابی آفت کی نذر ہو چکے ہیں جبکہ ہزاروں زخمی اور لاکھوں متاثر ہوئے ہیں۔ ہزاروں مکانات منہدم ہوئے، زرعی زمینیں اجڑ گئیں اور لاکھوں ایکڑ فصلیں تباہ ہوئیں۔ یہ صرف اعداد وشمار نہیں بلکہ ان کے پیچھے اجڑے ہوئے گھرانے، یتیم ہونے والے بچے اور بیوہ عورتیں ہیں جو زندگی بھر اس حادثے کا بوجھ اٹھائیں گی۔ ریسکیو ادارے، فوج اور رضا کار اس وقت امدادی کارروائیوں میں مصروف ہیں۔ ہزاروں افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے اور متاثرین کو خیمے، کھانے پینے کا سامان اور طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ مگر سوال یہ ہے کہ ہم کب تک صرف آفات کے آنے کے بعد جاگتے رہیں گے؟ کیا بہتر نہ ہوتا کہ ہم پیشگی تیاری کرتے، نکاسی آب کے نظام کو درست کرتے، دریاؤں اور ندی نالوں کے کناروں پر آبادیاں بسانے سے گریز کرتے اور ماحولیاتی توازن کو برقرار رکھتے؟ یہ سب ہماری اجتماعی غفلت کا نتیجہ ہے جس کا خمیازہ پوری قوم بھگت رہی ہے۔ اسلام ہمیں سکھاتا ہے کہ آفات و مصائب دراصل اللہ کی طرف پلٹنے کا پیغام ہوتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب کسی قوم میں گناہ کھلے عام ہونے لگیں تو پھر عذاب سب پر آتا ہے، چاہے اس میں نیک لوگ بھی شامل ہوں۔ یہی وجہ ہے کہ آج ہمیں اجتماعی توبہ کی ضرورت ہے۔ ہمیں چاہیے کہ اپنے گناہوں کا اعتراف کریں، اللہ کے حضور جھکیں، استغفار کریں اور آئندہ زندگی قرآن وسنت کے مطابق گزارنے کا عہد کریں۔ اگر ہم نے ایسا کیا تو اللہ اپنی رحمت سے اس عذاب کو رحمت میں بدل دے گا اور اگر ہم اسی طرح بے پرواہی کے ساتھ گناہوں پر ڈٹے رہے تو یہ آفات مزید بڑھ سکتی ہیں۔ اجتماعی توبہ کے ساتھ ساتھ ہمیں عملی اقدامات کی بھی ضرورت ہے۔ سب سے پہلے سود، رشوت، بے حیائی اور ظلم کا خاتمہ کیا جائے۔ عدل و انصاف کا نظام قائم کیا جائے۔ معاشرتی طور پر ہمیں اپنی زندگی کو اسلامی اقدار کے مطابق ڈھالنا ہو گا۔ ماحولیاتی توازن کو درست رکھنے کے لیے درخت لگانے، دریاؤں اور ندی نالوں کو صاف رکھنے اور نکاسی آب کے بہتر نظام کی طرف توجہ دینا ہو گی۔ حکمرانوں، علما اور عوام سب کو مل کر ایک نئی سمت اختیار کرنی ہو گی۔ خیبر پختونخواہ اور دیگر متاثرہ علاقوں کا سیلاب ہمارے لیے ایک کھلا پیغام ہے۔ یہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ اللہ کی زمین پر نافرمانی کر کے کوئی قوم سلامت نہیں رہ سکتی۔ یہ وقت ہے کہ ہم اجتماعی طور پر اللہ کے حضور جھکیں، استغفار کریں اور اپنی زندگیوں میں حقیقی تبدیلی لائیں۔ اگر آج ہم نے توبہ کر لی اور اپنے گناہوں کو چھوڑ دیا تو امید ہے کہ اللہ اپنی رحمت سے ہمیں نئی زندگی دے گا، لیکن اگر ہم نے غفلت برتی تو آنے والے دن شاید اس سے بھی زیادہ سخت ہوں۔ آج ہمیں سب سے زیادہ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنے دلوں کو نرم کریں اور اپنی زندگی کے رویوں پر غور کریں۔ ہم اس نہج پر پہنچ گئے ہیں جہاں صبر اور برداشت کا دامن بالکل ہاتھ سے چھوٹ گیا ہے۔ سوچنے کی بات ہے کہ صرف تیس روپے کے فروٹ پر جھگڑا دو بے گناہ انسانوں کی جان لے گیا۔ یہ واقعہ ہماری اخلاقی گراوٹ اور اجتماعی زوال کی سب سے خوفناک علامت ہے۔ جب کسی معاشرے میں انسانیت کی قدر ختم ہو جائے، جہاں معمولی مالی فائدے کے لیے خون بہایا جانے لگے، جہاں زنا کاری، جھوٹ، ظلم اور قتل عام ہو، تو پھر وہاں سکون اور رحمت کے بجائے عذاب ہی نازل ہوتے ہیں۔ یہ لمحہ ہمیں جھنجھوڑنے کے لیے کافی ہے۔ ہمیں اپنے رویوں کو بدلنا ہو گا، صبر، برداشت اور انسانیت کو زندہ کرنا ہو گا، ورنہ یہ آفات بار بار ہمیں یاد دلاتی رہیں گی کہ ہم نے اپنی تباہی کا سامان خود پیدا کیا ہے۔۔۔

SHOWBIZ شوبز

کوہلی کی جانب سے انسٹا پر بولڈ تصاویر لائیک کرنے پر بھارتی اداکارہ بالآخر بول پڑیں

صارفین نے مختلف قیاس آرائیاں شروع کر دیں اداکارہ انوشکا شرما کو بھی پوسٹ میں ٹیگ کیا

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ اونیت کور نے اسٹار کرکٹر ویرات کوہلی کی جانب سے انسٹاگرام پر بولڈ تصاویر لائیک کرنے پر ردعمل دے دیا۔ رواں برس مئی میں ویرات کوہلی اس وقت سوشل میڈیا پر موضوع بحث بنے جب ان کے تصدیق شدہ انسٹاگرام اکاؤنٹ سے ایک فین پیج پر اداکارہ اونیت کور کی بولڈ تصاویر کو لائیک کیا گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اونیت کی تصاویر 30 اپریل کو ایک فین پیج پر پوسٹ کی گئی تھیں جس میں اداکارہ کو ایک سبز رنگ کے ٹاپ اور منی اسکرٹ میں دیکھا گیا۔ اونیت کی تصاویر پر کوہلی کے لائیک کو جب صارفین نے دیکھا تو یہ معاملہ سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو گیا۔ صارفین نے مختلف قیاس آرائیاں شروع کر دیں، یہاں تک کہ کچھ صارفین نے ان کی اہلیہ، اداکارہ انوشکا شرما کو بھی پوسٹ میں ٹیگ کیا جب کہ میمز بھی بنائی گئیں۔

معروف ادیب، سیاستدان بشریٰ رحمن کی سالگرہ 29 اگست کو منائی جائے گی

17 سے زائد ناول اور سفرنامے ان کے قلم کا شاخسانہ ہیں، کئی ڈرامے بھی لکھے

مکوآنہ (این این آئی) معروف ادیب بشریٰ رحمن کی سالگرہ 29 اگست کو منائی جائے گی۔ پاکستانی مصنفہ 29 اگست 1944 کو پیدا ہوئیں۔ انھوں نے جامعہ پنجاب سے ایم اے صحافت کی سند حاصل کی۔ انھوں نے اپنا سیاسی 1983 میں شروع کیا۔ بشریٰ رحمٰن 1985ء اور 1988ء میں رکن پنجاب اسمبلی جبکہ 2002ء اور 2008ء میں رکن قومی اسمبلی بنیں۔ 17 سے زائد ناول اور سفرنامے ان کے قلم کا شاخسانہ ہیں۔ انہوں نے پی ٹی وی اور پرائیویٹ پروڈکشن کے لیے بھی کئی ڈرامے بھی لکھے، ان کے ناول اور افسانے خواتین میں بہت مقبول تھے ان کے افسانوں کے کئی مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔

گلوکار پرویز مہدی کی 20 ویں برسی 29 اگست کو منائی جائے گی

شہنشاہ غزل مہدی حسن کی شاگردی اختیار کرنے کے بعد انہوں نے اپنا نام پرویز مہدی رکھ

مکوآنہ (این این آئی) نامور گلوکار پرویز مہدی کی 20 ویں برسی 29 اگست کو منائی جائے گی۔ پرویز مہدی نے 70 کی دہائی میں اپنے فنی سفر کا آغاز کیا۔ انہوں نے ریڈیو پاکستان کیلئے گائے گئے گیت میں جانا پردیس سے شہرت کی بلندیوں کو چھوا۔ ان کا اصل نام پرویز حسن تھا جنہوں نے شہنشاہ غزل مہدی حسن کی شاگردی اختیار کرنے کے بعد اپنا نام پرویز مہدی رکھ لیا۔ وہ غزل کے علاوہ گیت اور فوک گانے گانے میں بھی خاص کمال اور مہارت رکھتے تھے۔ انہوں نے ملکہ ترنم نور جہاں کے ساتھ پہلا یادگار گانا تک چن پیا چانداا اس مہارت سے گایا کہ ملکہ ترنم نے ریکارڈنگ کے بعد پرویز مہدی کا ماتھا چوم لیا۔ بھارت کے انتہائی مقبول پاپ سٹار گلوکار دلیر سنگھ مہدی بھی پرویز مہدی کو اپنا روحانی استاد مانتے ہیں جنہوں نے باقاعدہ پرویز مہدی کی شاگردی اختیار کر کے فن گائیکی میں کمال حاصل کیا۔

پوجا بھٹ کی ممبئی کی گڑھوں سے بھری سڑکوں پر شدید تنقید

پوجا بھٹ نے ممبئی کی سڑکوں خاص طور پر باندرہ کے علاقے کی بگڑتی ہوئی حالت کے خلاف آواز اٹھائی ہے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ پوجا بھٹ نے ممبئی کی سڑکوں کی خراب حالت پر تنقید کی ہے اور گڑھوں سے پیدا ہونے والے خطرات کو اجاگر کیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اداکارہ اور فلم ساز پوجا بھٹ نے ممبئی کی سڑکوں خاص طور پر باندرہ کے علاقے کی بگڑتی ہوئی حالت کے خلاف آواز اٹھائی ہے اور شہر میں گڑھوں کے مسئلے کے پیچھے شہری انتظامیہ کی بے حسی کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر پوجا بھٹ نے مرمت کے نام پر مہینوں تک بڑی سڑکوں کو بند رکھنے اور پھر انہیں گڑھوں سے بھرا چھوڑ دینے پر سوال اٹھایا ہے۔ پوجا بھٹ نے پوچھا ہے کہ ممبئی شہر خاص طور پر اس کا علاقہ باندرہ بہت بری حالت میں ہے، ہر طرف گڑھے ہیں، کیا اسی لیے مرمت کے کام کی آڑ میں زیادہ تر سڑکیں مہینوں تک بند یا بلاک کی گئی تھیں؟ یہ بے حسی کب ختم ہو گی؟ اداکارہ نے ان تبصروں میں مایوس ممبئی والوں کے دل کی بات کہہ دی ہے۔

کینسر سے جنگ جیتنے میں ایک جرمن ڈونر نے میری زندگی بچائی، اداکارہ لیلیٰ واسطی

لاہور (این این آئی) اداکارہ لیلیٰ واسطی کا کہنا ہے کہ کینسر سے جنگ جیتنے میں ایک جرمن ڈونر نے ان کی زندگی بچائی۔ خوبصورت اور باوقار اداکارہ لیلیٰ واسطی نے اپنی زندگی کے سب سے کڑے امتحان اور حیران کن موڑ سے مداحوں کو آگاہ کر دیا۔ نجی ٹی وی کے ایک پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے لیلیٰ واسطی نے اپنی کینسر سے جنگ کی نہایت تکلیف دہ کہانی بتائی جس میں انھیں اللہ نے سرخرو کیا۔ لیلیٰ واسطی نے بتایا کہ جب میں کینسر جیسے جان لیوا مرض سے لڑ رہی تھیں تو اللہ کے بعد جس نے میری زندگی بچائی وہ جرمنی کا ایک ڈونر تھا۔

ٹیلر سوئفٹ کی منگنی کی انگوٹھی کی تفصیلات منظرِ عام پر آ گئیں

نیویارک (این این آئی) معروف امریکی گلوکارہ ٹیلر سوئفٹ کی منگنی کی انگوٹھی کی تفصیلات منظر عام پر آ گئیں۔ ٹیلر سوئفٹ کی حالیہ منگنی کی پوسٹ میں ان کی قیمتی ہیرے کی انگوٹھی بھی نمایاں رہی، جس نے مداحوں کی توجہ حاصل کر لی۔ اس انگوٹھی کا ڈیزائن "اولڈ مائن بریلینٹ کٹ" ہے، جو اپنی کلاسک طرز اور منفرد چمک کے لیے مشہور ہے۔ یہ خوبصورت انگوٹھی معروف جیولری برانڈ آرٹیفیکس فائن جیولری سے تعلق رکھنے والے "کنڈرڈ لیوبیک" نے تیار کی ہے۔ ماہرین کے مطابق اس خوبصورت انگوٹھی کی تخمینہ شدہ قیمت 6 لاکھ 75 ہزار ڈالر سے لے کر 10 لاکھ ڈالر تک ہے۔

معروف امریکی گلوکارہ ٹیلر سوئفٹ اور فٹبال اسٹار ٹریوس کیلسی کی منگنی ہو گئی

ٹریوس کیلسی نے ٹیلر سوئفٹ کے لیے خصوصی ڈائمنڈ کی رنگ ڈیزائن کروائی ہے

نیویارک (این این آئی) امریکی گلوکارہ ٹیلر سوئفٹ نے اپنے دوست فٹبال پلیئر ٹریوس کیلسی 'Travis Kelce' سے منگنی کا اعلان کر دیا۔ ٹیلر سوئفٹ نے اپنی منگنی کا اعلان سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر ایک پوسٹ کے ذریعے کیا۔ پوسٹ میں ٹیلر سوئفٹ اور ٹریوس کیلسی کو ایک ساتھ دیکھا جا سکتا ہے۔ رپورٹس کے مطابق ٹریوس کیلسی نے ٹیلر سوئفٹ کے لیے خصوصی ڈائمنڈ کی رنگ ڈیزائن کروائی ہے۔ ٹیلر اور کیلسی گزشتہ دو سالوں سے ایک دوسرے کے ساتھ ہیں اور اکثر تقریبات میں بیک وقت شرکت کرنے کے باعث خبروں کی زینت بنتے رہے ہیں۔

ریتک روشن نے پرتعیش اپارٹمنٹ گرل فرینڈ کو صرف 75 ہزار ماہانہ کرائے پر دیدیا

یہ اپارٹمنٹ منت اپارٹمنٹس میں واقع ہے، جو جوہو ورسوا لنک روڈ پر ہے،



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے سینئر اداکار ریتک روشن نے ممبئی میں سی ویو جوہو پر واقع اپنا پرتعیش گھر گرل فرینڈ صبا آزاد کو 75 ہزار روپے ماہانہ کرائے پر دیدیا۔ ویسے تو ریتک روشن اکثر اپنی ذاتی اور پیشہ ورانہ زندگی کی وجہ سے خبروں میں رہتے ہیں، لیکن اس بار وہ اپنی جائیداد کے حوالے سے توجہ کا مرکز بنے ہیں۔ جائیداد کی دستاویزات تک حالیہ رسائی کے مطابق ریتک روشن نے ممبئی کے جوہو میں واقع اپنا سی ویو لگژری فلیٹ اپنی گرل فرینڈ صبا آزاد کو 75,000 روپے ماہانہ کرائے پر دیا ہے۔ یہ اپارٹمنٹ منت اپارٹمنٹس میں واقع ہے، جو جوہو ورسوا لنک روڈ پر ہے، جو شہر کے مہنگے ترین علاقوں میں سے ایک ہے۔

SPORTS سپورٹس

ایک بولر کافی نہیں، ٹیم میں 4 سے 5 میچ ونر بولرز ہونے چاہئیں' بولنگ کوچ قومی ٹیم

اس قسم کے موسم سے فرق ضرور پڑیگا، کنڈیشن کے اعتبار سے درست ٹیم منتخب کی گئی ہے' ایشلے نوفکیا

دبئی (این این آئی) پاکستانی کرکٹ ٹیم کے بولنگ کوچ ایشلے نوفکیا کا کہنا ہے کہ صرف ایک بولر پر انحصار کافی نہیں، ٹیم میں 4 سے 5 ایسے میچ ونر بولرز ہونے چاہئیں جو کسی بھی صورت حال میں ٹیم کو فتح دلانے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ دبئی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سہ فریقی سیریز اور ایشیا کپ کے لیے ٹیم کی تیاریوں کے بارے میں ایشلے نوفکیا کا کہنا تھا کہ دبئی میں گرم موسم ہے، شاہین آفریدی، حارث رؤف اور حسن علی سخت محنت کر رہے ہیں، ان سے بہتر کارکردگی کی توقع ہے۔ ایشلے نوفکیا کا کہنا تھا کہ آپ جس سطح پر بھی کھیل رہے ہوں اس قسم کے موسم سے فرق ضرور پڑیگا، کنڈیشن کے اعتبار سے درست ٹیم منتخب کی گئی ہے۔ تاہم ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ بلاشبہ شاہین سپر اسٹار ہیں اور دوسری ٹیموں کے لیے خطرہ ہیں لیکن ہمیں کسی ایک بولر سے نہیں چار پانچ بولروں سے اچھی کارکردگی کی توقع ہے۔ قومی ٹیم کے بولنگ کوچ نے کہا کہ پریکٹس میچوں میں پچز سلو ہیں لیکن توقع ہے کہ ٹورنامنٹ میں پچز مزید بہتر ہوں گی، یہاں موسم گرم اور حبس والا ہے جس سے بولروں کو سوئنگ میں مدد ملے گی، شاہین سوئنگ کو بہتر کرنے کے لیے بہت محنت کر رہے ہیں اور ان کا اعتماد بڑھ رہا ہے۔



کوہلی نے تصویر کیوں لائیک کی؟ اونیت کور نے خاموشی توڑ دی

اداکارہ نے مسکراتے ہوئے اپنے چاہنے والوں کو جواب دیا کہ "ملتا رہے پیار اور کیا کہہ سکتی ہوں

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی ابھرتی ہوئی خوبرو اداکارہ اونیت کور کی تصویر کو گزشتہ دنوں ویرات کوہلی نے انسٹاگرام پر لائیک کیا تھا، جس کے بعد سوشل میڈیا پر ایک نئی بحث چھڑ گئی تھی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان ویرات کوہلی نے اداکارہ کی تصویر کو لائیک کرنے کو ایک تکنیکی غلطی قرار دیتے ہوئے تمام تر افواہوں کو رد کر دیا تھا۔ اداکارہ اونیت کور کی جانب سے اس پر حیران کن طور پر کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا تھا جس سے سوشل میڈیا پر میمز بننے اور قیاس آرائیوں کے نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہو گیا تھا۔ بھارتی اداکارہ اونیت کور ان دنوں اپنی فلم "لو ان ویتنام" کی تشہیر میں مصروف ہیں۔

ون ڈے کرکٹ میں انگلینڈ کی جانب سے پہلی وکٹ لینے والے سابق فاسٹ بولر چل بسے

سابق انگلش فاسٹ بولر کین شٹل ورتھ 80 برس کی عمر میں انتقال کر گئے

لندن (این این آئی) سابق انگلش فاسٹ بولر کین شٹل ورتھ 80 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ کین شٹل ورتھ نے 1970 سے 1971 کے دوران انگلینڈ کی جانب سے 5 ٹیسٹ اور ایک ون ڈے میچ کھیلا۔ وہ 1970-71 کے دورہ آسٹریلیا میں انگلینڈ کی مشہور ایشز جیتنے والی ٹیم کا حصہ تھے۔ فرسٹ کلاس کرکٹ میں انہوں نے لنکا شائر اور لیسٹر شائر کی نمائندگی کی۔ برطانوی میڈیا کے مطابق کین شٹل ورتھ کا انتقال اس ماہ کے آغاز میں ہوا جبکہ گزشتہ ہفتے لنکا شائر نے ان کے انتقال کی تصدیق کرتے ہوئے بیان جاری کیا تھا۔ دائیں ہاتھ کے فاسٹ بولر کین شٹل ورتھ کو لمبے رن اپ، سائیڈ آن ایکشن اور تیز رفتاری کے باعث جانا جاتا تھا۔ انہوں نے اپنے فرسٹ کلاس کیریئر میں لنکا شائر کے لیے 484 وکٹیں اور لیسٹر شائر کے لیے مزید 99 وکٹیں حاصل کیں۔ کین شٹل ورتھ کو 1971 میں آسٹریلیا کے خلاف ون ڈے کرکٹ کی تاریخ کے پہلے میچ میں انگلینڈ کی جانب سے پہلی ون ڈے وکٹ لینے کا بھی اعزاز حاصل ہے۔

حکومت پیسہ نہ دے کم از کم حوصلہ افزائی تو کرے، اعجاز احمد

پشاور (این این آئی) ایشین باڈی بلڈنگ چیمپئن شپ میں گولڈ میڈل جیتنے والے پاکستان کے اعجاز احمد کا کہنا ہے کہ وہ اپنے اخراجات پر باڈی بناتے ہیں جس پر کافی پیسہ خرچ ہوتا ہے، حکومت انہیں پیسہ نہ دے کم از کم حوصلہ افزائی تو کرے۔ پشاور سے تعلق رکھنے والے باڈی بلڈر اعجاز احمد نے ایشین چیمپئن شپ کی ماسٹر کیٹگری میں شرکت کی اور گولڈ میڈل اپنے نام کیا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں اعجاز احمد نے بتایا کہ بنکاک میں ہونے والی چیمپئن شپ میں ان کی ناشتے پر بھارتی باڈی بلڈر سے ملاقات ہوئی۔ جب انہیں بتایا کہ پاکستان کے صرف 10 باڈی بلڈر آئے اور 5 گولڈ میڈل جیتے اور بھارت کے 62 ایتھلیٹس آئے اور صرف 4 گولڈ میڈل لیے تو وہ حیران وپریشان ہو گئے۔ اعجاز احمد نے کہا کہ اگر پاکستان کی 20 سے 25 رکنی ٹیم جاتی تو میڈلز

نیپالی کوہ پیما نرمل پُرجا نے نانگا پربت سر کر کے تاریخ رقم کر دی

چڑھائی کے دوران برفانی تودوں اور پتھروں کے گرنے جیسے خطرات کا سامنا رہا' خطرناک مہم قرار

کٹھمنڈو (این این آئی) نیپال سے تعلق رکھنے والے کوہ پیما نرمل پُرجا نے دنیا کے خطرناک ترین پہاڑوں میں سے ایک نانگا پربت کو سر کر کے تاریخ رقم کر دی۔ رپورٹس کے مطابق نیپال سے تعلق رکھنے والے کوہ پیما نرمل پُرجا دنیا کے پہلے کوہ پیما بن گئے ہیں جنہوں نے 8 ہزار میٹر سے بلند چوٹیاں 50 مرتبہ سر کی ہیں۔ اُن کا اپنی کامیابی کو زندگی کی سب سے خطرناک مہم قرار دیتے ہوئے کہنا تھا کہ چڑھائی کے دوران برفانی تودوں اور پتھروں کے گرنے جیسے خطرات کا سامنا رہا۔ نیپالی کوہ پیما نے نانگا پربت (8,126 میٹر) پر کامیابی سے سر کرنے کے بعد یہ سنگِ میل عبور کیا۔ اس شاندار ریکارڈ کی انوکھی بات یہ تھی کہ انہوں نے اس دوران بغیر اضافی آکسیجن کے 22 چڑھائیاں مکمل کیں، جو بذات خود ایک نیا عالمی ریکارڈ ہے۔ انہوں نے اپنی کامیابی کو نیپال اور برطانیہ کے درمیان 200 سالہ دوستانہ تعلقات کے نام کرتے ہوئے دونوں ممالک کے پرچموں کو لہرایا۔ نرمل پُرجا پہلی 2019ء میں پروجیکٹ پاسیبل کے تحت عالمی شہرت کی بلندیوں پر پہنچے، انہوں نے صرف 6 ماہ اور 6 دن میں دنیا کی تمام 14 آٹھ ہزار میٹر بلند چوٹیوں کو سر کر لیا تھا۔ رپورٹس کے مطابق نیپالی نرمل پُرجا برطانوی اسپیشل فورسز اور گورکھا رجمنٹ میں بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

اندراج تاریخ پیدائش | اندراج تاریخ وفات | اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام | درستگی نام | اعلان لاتعلقی
عاق نامہ | اطلاع گمشدگی

تحصیلدار وراثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔

Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 28 اگست 2025ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس/اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 28 اگست 2025، صبح 07:00 بجے سے دن 12:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، گولڑہ۔2، درگاہ G-11/4 فیڈرز راولپنڈی سٹی سرکل، ایف بلاک، سیکٹر۔IV، ائرپورٹ سوسائٹی، ڈھوک حکمداد، طہماسم آباد، موہن پورہ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، رحمت آباد۔ I & II، جیل پارک، کوٹ جبی، مکہ چوک، بوستان خان، چہان، چونترہ، راجڑ، ایس پی ایف، جاپان روڈ، جناح۔PAF-I&II، چکلالہ فیڈرز، اٹک سرکل، ملھوالی، کھڑپہ، سونی، مسلم ٹاؤن فیڈرز، چکوال سرکل، ڈفر، پی ڈی خان فیڈرز، صبح 08:00 بجے سے دن 02:00 بجے تک، اٹک سرکل، غورغشتی، دھیرک فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے۔

بقیہ 1

مسلسل میٹنگز کے ذریعے براہ راست صورتحال کی نگرانی کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت ہمیشہ ہر ہنگامی صورتحال سے پہلے منصوبہ بندی کرتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ مشکل حالات میں عوام کو تنہا نہیں چھوڑا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز دن رات سولہ سولہ گھنٹے کام کرتی ہیں، نہ تنخواہ لیتی ہیں، نہ چھٹی کرتی ہیں اور سرکاری دوروں کے اخراجات بھی اپنی جیب سے برداشت کرتی ہیں۔ جاپان کے حالیہ سرکاری دورے کے حوالے سے بات کرتے ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب جاپان حکومت کی دعوت پر گئیں جہاں مختلف کمپنیوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری پر راضی کیا گیا اور زراعت سمیت دیگر محکموں کے ساتھ ایم او یوز پر دستخط کیے گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ دورہ پنجاب اور پاکستان دونوں کے لیے بے حد اہم تھا لیکن کچھ عناصر بلاوجہ تنقید کر رہے ہیں۔ تنقید برائے اصلاح کا خیر مقدم ہے مگر کپڑوں اور جوتوں پر اعتراضات سطحی اور غیر سنجیدہ رویے کی عکاسی کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری، وزیر مواصلات صہیب احمد بھرت اور وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے ڈی جی پی آر میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اطلاعات نے واضح کیا کہ آٹے کی قیمت میں اضافہ روکنے کے لیے وزیراعلیٰ نے سخت ہدایات جاری کر رکھی ہیں، ادویات کی پنجاب بھر میں کوئی قلت نہیں اور یہ تاثر بالکل غلط ہے کہ گوداموں میں دوائیاں موجود ہوں اور عوام کو دستیاب نہ ہوں۔ اس موقع پر صوبائی وزیر مواصلات صہیب احمد بھرت اور صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے بھی پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔ صہیب احمد بھرت نے کہا کہ جاپان کا دورہ مکمل تیاری اور منصوبہ بندی کے ساتھ کیا گیا۔ جاپانی اداروں کے ساتھ مختلف شعبوں میں تعاون کے امکانات پر بات ہوئی اور انسٹیٹیوٹ آف میڈیسن کا خصوصی دورہ بھی کیا گیا۔ صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ جاپان میں وزیراعلیٰ پنجاب کے "ستھرا پنجاب پروگرام" کو بے حد سراہا گیا۔ یہ پروگرام 13 کروڑ شہریوں کے لیے صفائی کا دنیا کا سب سے بڑا یکساں نظام ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں روزانہ 50 ہزار ٹن ویسٹ جمع ہوتا ہے جسے ری سائیکل کیا جائے گا۔ وفد نے یوکوہاما میں ویسٹ سے 9 میگاواٹ بجلی بنانے والے پلانٹ اور واٹر فلٹریشن و ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس کا بھی جائزہ لیا۔ ذیشان رفیق کے مطابق یہ جدید ٹیکنالوجی پنجاب میں متعارف کرائی جائے گی تاکہ ڈمپنگ سائٹس سے توانائی اور پانی کی افادیت حاصل ہو سکے۔ وزرا نے کہا کہ سیلابی صورتحال کا مستقل حل صرف ڈیموں کی تعمیر ہے، اسی لیے حکومت پنجاب پانی کے ذخائر پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ اس موقع پر انہوں نے بھارت کی بڑھتی ہوئی دہشت گردانہ کارروائیوں کی بھی مذمت کی۔

بقیہ 2

پندرہویں اجلاس میں اسلام آباد میں کیپٹل ایمرجنسی سروسز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے خالی آسامیوں پر بھرتی، ایمرجنسی عملے کی ٹریننگ اور جدید آلات کی فراہمی کیلئے منظوری دی گئی۔ اس ضمن میں این ڈی ایم اے سے بھی معاونت حاصل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں کیپٹل ایمرجنسی

بقیہ 4

ریسکیو آپریشنز کی صلاحیت بڑھانے کیلئے تربیت فراہم کی۔ یہ تربیتی پروگرام اس عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ بین الاقوامی تعاون اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعمیر کے ذریعے دارالحکومت اسلام آباد کو محفوظ اور کیپٹل ایمرجنسی سروسز کو مزید فعال بنایا جاسکے۔ سہ روزہ تربیتی سیشن 27 سے 29 اگست تک جاری رہے گا جس میں مون سون کے موسم اور ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر فوری رسپانس کی تکنیکوں پر خصوصی توجہ مرکوز کی جائے گی۔ سی ڈی اے کے ممبر فنانس طاہر نعیم نے افتتاحی تقریب میں چائینز ٹیم کو پاکستان آنے پر خوش آمدید کہا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین کے درمیان تاریخی، دوستانہ اور سٹریٹجک تعلقات قائم ہیں۔ اس طرح کے تربیتی پروگرام سے دونوں ممالک کے درمیان باہمی تعاون و تعلقات کو مزید تقویت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کے پیش نظر، ریسکیو و ایمرجنسی عملے کی تربیت انسانی جانوں کے تحفظ کیلئے انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ کیپٹل ایمرجنسی سروس کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر عبدالرحمن نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلیواسکائی ریسکیو ٹیم کی پاکستان میں آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں غیر معمولی مون سون بارشیں، قدرتی آفات اور مختلف ایمرجنسی واقعات ریسکیو عملے کی مزید تیاری اور رسپانس کی صلاحیت کو بڑھانے کا تقاضا کرتے ہیں اور اس حوالے سے یہ ٹریننگ انتہائی مفید ثابت ہوگی۔ کمانڈر بلیواسکائی ریسکیو ٹیم ژونگ یانگ نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ دوستی ہے اور وہ گزشتہ برس بھی لاہور میں بھی ریسکیو ٹریننگ میں حصہ لے چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کی ٹیم نہ صرف پاکستان بلکہ کئی ممالک کے ریسکیو و ایمرجنسی سروسز کے عملے کی تربیت کر چکے ہیں اور وہ پاکستانی عملے کی استعداد و صلاحیت بڑھانے کیلئے انتہائی پرعزم ہیں۔ واضح رہے اس تربیتی پروگرام کے انعقاد کا مقصد سی ڈی اے کے عملے کی استعداد کار و صلاحیت کو اس سطح تک بڑھانا ہے کہ وہ کسی بھی ایمرجنسی صورتحال میں خاص کر سیلابی و تیز پانی کی ایمرجنسی صورت حال میں فوری اور مؤثر رسپانس دے سکیں۔ سی ڈی اے انتظامیہ کا کہنا ہے کہ ایسی تربیتی پروگرام کو جاری رکھا جائے گا تاکہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 36

فراہم کرنا ہے، اس سلسلے میں کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ تجاوزات کے خاتمے سے ٹریفک کی روانی بہتر ہوگی اور شہریوں کو آمد و رفت میں سہولت میسر آئے گی۔ کینٹ بورڈ حکام نے شہریوں سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ ازخود تجاوزات ختم کریں تاکہ کارروائی سے بچا جاسکے اور شہر کو خوبصورت بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 37

ٹریفک پولیس کی جانب سے ڈرائیونگ سکول میں فراہم کی جانے والی سہولیات اور 24/7 ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے نظام سے بھی آگاہ کیا۔ چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کا کہنا تھا کہ سٹی ٹریفک پولیس آئی جی پنجاب کے ویژن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے معاشرے کے ہر طبقے کو ٹریفک سروسز فراہم کر رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ خواجہ سراں کو ڈرائیونگ کی تربیت اور ڈرائیونگ لائسنس کی فراہمی نہ صرف ان کی حوصلہ افزائی کرے گی بلکہ انہیں باعزت روزگار کے مواقع بھی میسر آئیں گے۔ ٹریفک ہیڈکوارٹر میں خواجہ سراں کیلئے علیحدہ کاؤنٹر بھی قائم کیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک صاف ستھرے اور مثبت معاشرے کی تشکیل کیلئے ضروری ہے کہ ہم رنگ و نسل سے

میں اہم اجلاس کا انعقاد ہوا، اجلاس میں ایس ایس پی سیف سٹی ڈاکٹر محمد اقبال، ڈائریکٹر آئی ٹی اور دیگر سینئر افسران نے شرکت کی، اس موقع پر ڈی جی سیف سٹی اسلام آباد نے پہلے سے سونپے گئے اہداف کی تکمیل کے حوالے سے باز پرس کی، نیز باڈی وارن کیمرہ جات کی تھانہ جات، اہم ایونٹس اور لاء اینڈ آرڈر ڈیوٹیز کے دوران موثر استعمال کو یقینی بنانے کیلئے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا، انہوں نے چائلڈ پروٹیکشن یونٹ کے ساتھ ملکر لاوارث بچوں کے تحفظ اور گمشدہ بچوں کی برآمدگی کیلئے ٹھوس اقدامات کی ہدایت کی، جبکہ انہوں نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ سیف سٹی اسلام آباد کے کیمروں کی استعداد کار کو مزید بڑھایا جائے جبکہ شہر بھر میں سرویلنس اور مانیٹرنگ کے نظام کو بہتر بنایا جائے تاکہ جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کیا جاسکے۔

نے کہا کہ قدرتی آفات قومی یکجہتی کا تقاضہ کرتی ہیں، اس مشکل گھڑی میں ہم سب کو مل کر اپنے بہن بھائیوں کی مدد کرنی ہے۔ سیلاب متاثرہ علاقوں میں مشینری بھجوا کر بند باندھنے میں لوگوں کی مدد کی جائے گی، سیلاب متاثرین میں راشن و دیگر ضروری اشیاء بھی تقسیم کی جائیں گی۔ ضلعی انتظامیہ لودھراں اور ریسکیو 1122 کے اشتراک سے ریلیف آپریشن کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ جہانگیر ترین نے خیبر پختونخواہ کے سیلاب متاثرین کے لئے بھی 5 کروڑ روپے کی مالی امداد دی تھی۔

بقیہ 44

سیڑھی لگا کر اندر داخل ہوئے اور کمرے کی لائٹ جلا کر اہل خانہ کو جگایا۔ ملزمان نے اسلحہ کے زور پر رقم اور زیورات حوالے کرنے کا مطالبہ کیا اور خوف و ہراس کے باعث متاثرہ جوڑے نے اپنی جمع پونجی ان کے حوالے کر دی۔ پولیس نے سیف الرحمٰن کی مدعیت میں نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

بقیہ 45

جاری کیں۔ بھارتی محکمہ موسمیات نے لداخ کے پہاڑی علاقے میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیش گوئی کی ہے جبکہ مقبوضہ کشمیر کے خطے میں بھی شدید بارشوں کا امکان ہے۔ مقبوضہ کشمیر کے کٹھ پتلی وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ شدید بارشوں کے باعث نظام زندگی متاثر ہوا ہے اور اس وقت موبائل اور فائبر نیٹ ورک بالکل کام نہیں کر رہا جس کے باعث رابطے 'تقریباً نہ ہونے کے برابر' ہیں، تاہم ٹیلی کام سروسز بحال کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ دوسری جانب، حکام نے تعلیمی ادارے بھی بند کرنے کے احکامات جاری کیے ہیں ہیں، کیونکہ محکمہ موسمیات کے مطابق مقبوضہ علاقے میں منگل کو 368 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی ہے۔

بقیہ 46

شاہراہ منڈی خیل، بھجنہ زیر آب آ گئی جس سے نارووال شکرگڑھ روڈ ٹریفک کے لیے بند کر دیا گیا۔ بارشوں کے باعث دریائے چناب میں مرالہ کے مقام پر انتہائی اونچے درجے کا سیلاب ہے، دریائے چناب مرالہ کے مقام پر پانی کی آمد 7

سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں جاری ہیں، ڈی جی آئی ایس پی آر

متاثرہ علاقوں میں پلوں اور شاہراؤں کی بحالی کا کام مکمل کرلیا گیا، امدادی کارروائیوں کے دوران پاک فوج کے 2 جوان شہید، 2 زخمی

پنجاب کے تین دریاؤں میں سیلابی صورتحال ہے، این ڈی ایم اے پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی سے مکمل رابطے میں ہے، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ہدایت پر سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں جاری ہیں، متاثرہ علاقوں میں پلوں اور شاہراہوں کی بحالی کا کام مکمل کرلیا گیا ہے، امدادی کارروائیوں کے دوران پاک فوج کے 2 جوان شہید اور 2 زخمی ہوئے جبکہ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پنجاب کے تین دریاؤں میں سیلابی صورتحال ہے، این ڈی ایم اے پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی سے مکمل (بقیہ نمبر 24)

کریڈٹ کارڈز کے ذریعے خریداری اور ادائیگیوں میں نمایاں اضافہ

جولائی میں کریڈٹ کارڈز کے ذریعے 163 ارب روپے کی خریداری اور ادائیگیاں ریکارڈ

لاہور (این این آئی) کریڈٹ کارڈز کے ذریعے خریداری اور ادائیگیوں میں ماہانہ بنیادوں پر 30.5 فیصد کا نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق جولائی میں صارفین نے کریڈٹ کارڈز کے ذریعے 163 ارب روپے کی خریداری اور ادائیگیاں کی ہیں جو گزشتہ سال جولائی کے مقابلے میں 30.5 فیصد زیادہ ہیں۔ گزشتہ سال (بقیہ نمبر 25)

لاہور: ریسکیو اہلکار دریائے راوی میں سیلاب کی صورتحال کے دوران کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لئے کشتی میں بیٹھے ہوئے ہیں

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر کرتار پور میں امدادی کارروائیاں جاری

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر کرتار پور میں امدادی کارروائیاں جاری ہیں، اس حوالے سے صوبائی وزیر اقلیتی امور سے رابطے اور کوارڈی نیشن میں ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ حکومت پنجاب شہریوں کے تحفظ کو یقینی (بقیہ نمبر 26)

لاہور میں گھریلو ناچاقی پر 2 خواتین، بچے سمیت 4 افراد قتل

لاہور (این این آئی) لاہور میں گھریلو ناچاقی پر 2 خواتین اور بچے سمیت 4 افراد کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم عمران بیوی، بیٹی، بھتیجے اور سسر کو قتل کر کے فرار ہوگیا۔ پولیس نے ملزم کی تلاش شروع کر دی ہے۔

تمام ریگولیٹڈ اداروں کو 31 اکتوبر تک ڈیجیٹل پیمنٹ سلیوشنز لازمی اپنانے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان نے تمام ریگولیٹڈ اداروں کو 31 اکتوبر تک ڈیجیٹل پیمنٹ سلیوشنز اپنانے کی ہدایت ہدایت کردی۔ ایس ای سی پی کے مطابق اس اقدام کا مقصد ملک میں کیش کے بغیر معیشت کو فروغ دینا اور ڈیجیٹل ادائیگی کے نظام کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ تمام لائسنس یافتہ اداروں کو کاروباری مقامات پر ڈیجیٹل ادائیگی کا نظام نصب کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ راست کیو آر کوڈ اپنانا اور نمایاں طور پر آویزاں کرنا لازم قرار دیا گیا ہے۔ ہدایات (بقیہ نمبر 28)

مفت لیپ ٹاپ سکیم کے دوسرے مرحلے کا آغاز کرنے کا فیصلہ

وزیر اعلیٰ مفت لیپ ٹاپ سکیم کا افتتاح ستمبر کے پہلے یا دوسرے ہفتے میں کریں گی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے طلبہ کے لیے مفت لیپ ٹاپ سکیم کے دوسرے مرحلے کا آغاز کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے مطابق مفت لیپ ٹاپس کی تقسیم کا آغاز آئندہ ماہ ستمبر سے ہوگا، لیپ ٹاپ سکیم کے دوسرے مر(بقیہ نمبر 27)

سیلاب سے پنجاب میں صورتحال تشویشناک ہے، عبدالعلیم خان

وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کا شاہدرہ میں سیلابی صورتحال کا جائزہ

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ سیلاب سے پنجاب میں صورتحال تشویشناک ہے، دریائے راوی سمیت 2 سے 3 دریاؤں میں اونچے درجے کا سیلاب ہے۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے دریائے راوی شاہدرہ کے مقام پر سیلابی صورتحال کا جائزہ لیا اور صورتحال پر انتظامیہ سے بریفنگ لی۔

قصور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان دریائے ستلج میں سیلاب کے بعد متاثر ہونے والے دیہاتوں کا دورہ کر رہے ہیں۔

جہاں کرسی اور حکومت ہو وہاں الیکشن شوق سے، جہاں عوام کا فیصلہ ہو وہاں بائیکاٹ آ جاتا ہے، خواجہ آصف

یہ خیبر پختونخوا میں الیکشن لڑنے کو تیار، اپنی حکومت ہے، اپنی مرضی کا نتیجہ نکال سکتے ہیں، ضمنی الیکشن سے متعلق فیصلوں پر ردعمل

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے ضمنی الیکشن سے متعلق پی ٹی آئی کے فیصلوں پر ردعمل میں کہا کہ جہاں کرسی اور حکومت ہو، وہاں الیکشن شوق سے، جہاں عوام کا فیصلہ ہو، وہاں بائیکاٹ! خواجہ آصف نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ یہ خیبر پختونخوا میں الیکشن لڑنے کو تیار، اپنی حکومت ہے، اپنی مرضی کا نتیجہ نکال سکتے ہیں۔ ن لیگی رہنما نے کہا کہ پنجاب میں الیکشن سے راہ فرار، کیونکہ عوام کی طاقت سے شکست یقینی ہے۔ وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ یہ خیبر پختونخوا میں دھاندلی کے سہارے کھڑے ہیں، پنجاب میں عوامی فیصلہ سہنے کی ہمت نہیں ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ یہ الیکشن نہیں، اپنی مرضی کا کھیل ہے، جہاں جیت کا یقین، وہاں مقابلہ جہاں ہار یقینی، وہاں بائیکاٹ، یہ (بقیہ نمبر 29)

ڈمپر کی موٹر سائیکل کو ٹکر، 3 سالہ بچہ جاں بحق، ماموں زخمی

الفلاح کے علاقے ملت ٹاؤن موڑ پر تیز رفتار ڈمپر نے موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے ملیر الفلاح ملت ٹاؤن میں ڈمپر کی موٹر سائیکل کو ٹکر سے تین سال کا بچہ جاں بحق، جبکہ ماموں زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق الفلاح کے علاقے ملت ٹاؤن موڑ پر تیز رفتار ڈمپر نے موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی، حادثے میں موٹر سائیکل سوار تین سالہ بچہ عون محمد جاں بحق جبکہ اس کا ماموں سلمان زخمی ہوگیا۔ زخمی ماموں سلمان نے جناح اسپتال میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ وہ اپنے بھانجے کو ساتھ لے (بقیہ نمبر 30)

شہد کی آڑ میں آئس ہیروئن دبئی اسمگل کرنے کی کوشش ناکام

مکوآنہ (این این آئی) ایئرپورٹس سیکیورٹی فورس کے عملے نے فیصل آباد ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے شہد کی اڑ میں آئس ہیروئن دبئی اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا کر مسافر کو گرفتار کرلیا۔ اے ایس ایف حکام کے مطابق ایک مسافر دبئی جانے کیلئے فیصل آباد ایئرپورٹ پر پہنچا تھا۔ اے ایس ایف کے عملے نے چیکنگ کے دوران مسافر کے ٹرالی بیگ کو مشکوک قرار دیا۔

شہر میں مظاہرین کی نشاندہی کیلئے نیا سافٹ ویئر لانچ کر دیا گیا

شہر کے کسی بھی روڈ پر مظاہرین کے اکٹھے ہونے پر کیمرے فوری نشاندہی کریں گے

لاہور (این این آئی) شہر میں مظاہرین کی نشاندہی کیلئے نیا سافٹ ویئر لانچ کر دیا گیا، نئے سافٹ ویئر سے پولیس کو احتجاج وجلسے وجلوسوں کی مانیٹرنگ میں مدد ملے گی۔ بتایا گیا ہے کہ شہر کے کسی بھی روڈ پر مظاہرین کے اکٹھے ہونے پر کیمرے فوری نشاندہی کریں گے۔ گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی مخصوص تعداد جمع ہونے پر کیمرہ پوائنٹ آؤٹ کرے گا، کیمروں کی مدد سے مظاہرین کی شناخت، ڈنڈے، اسلحہ کی نشاندہی ہوگی۔ پارٹی پرچموں (بقیہ نمبر 51)

سی ڈی اے مزدور یونین کے زیر اہتمام محفل میلاد و دعائیہ تقریب (آج) ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) سی ڈی اے مزدور یونین (سی بی اے) کے زیر اہتمام اہل سنت و الجماعت ضلع اسلام آباد کے ناظم اعلیٰ پیر عبید احمد عبید نقشبندی مجددی کی والدہ محترمہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے محفل میلاد و دعائیہ تقریب آج 28 اگست بروز جمعرات صبح 10 بجے جامع مسجد غوثیہ مہریہ سیکٹر G-6/1-3 اسلام آباد میں منعقد ہوگی۔ تقریب میں ملک کے معروف قرا کرام، نعت خواں حضرات، علمائے کرام اور مشائخ عظام شریک ہوں گے۔ اس موقع پر سی ڈی اے مزدور یونین (بقیہ نمبر 31)

شدید سیلاب، پنجاب حکومت کا ہنگامی فنڈز جاری کرنے کا اعلان

سیلاب متاثرین کیلئے 2 ارب 18 کروڑ روپے کے فنڈز منظور کئے گئے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے سیلاب سے متاثرہ عوام کی فوری امداد کے لیے ہنگامی بنیادوں پر فنڈز جاری کرنے کا اعلان کیا ہے۔ سیلاب متاثرین کیلئے 2 ارب 18 کروڑ روپے کے فنڈز منظور کئے گئے، کمرشل بینکوں میں موجود غیر استعمال شدہ فنڈز استعمال ہوں گے، فنڈز فوری طور پر پی ڈی ایم اے کے بلاک اکاؤنٹ منتقل کئے جائیں گے۔

صحافیوں کو میڈیا کوریج سے روکنے کی مذمت کرتے ہیں، ایم مقصود قریشی

کھلی کچہری میں ایسے کون سے خطرناک ملزمان کو پیش کیا گیا تھا جو صحافتی امور کی انجام دہی سے روکا گیا

صحافت پاکستان کا چوتھا ستون ہے، پیپلز پارٹی کے عہدیداران و کارکنان پوٹھوہار پریس کلب کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں

گوجر خان (قمر شہزاد) سی پی او راولپنڈی کی جانب سے لگائی جانے والی کھلی کچہری میں پوٹھوہار پریس کلب گوجر خان کے صحافیوں کو کوریج سے روکنے اور بعدازاں ایس ایچ او گوجر خان کی جانب سے کیے گئے کمنٹس کی وجہ صحافی برادری کی دل آزاری پر پیپلز پارٹی تحصیل گوجر خان کے سیکرٹری اطلاعات ونشریات ایم مقصود قریشی نے پریس کلب کیساتھ اظہار یکجہتی کی اور پیش آنے والے واقعے کی بھرپور مزمت کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ او گوجر خان فوری طور صحافی برداری سے معذرت کریں مزید برآں انھوں نے کہا کہ سی پی او روالپنڈی (بقیہ نمبر 32)

خیبر پختونخوا اور پنجاب کے بعد سندھ میں بھی سیلاب کا خدشہ

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے خبر دار کیا ہے کہ خیبر پختونخوا اور پنجاب کے بعد سندھ میں بھی سیلاب کا خدشہ ہے۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے سندھ میں سیلاب سے متعلق ہائی الرٹ جاری کر دیا ہے، این ڈی ایم اے کے متنبہ کرتے ہوئے بتایا کہ پنجاب کے بعد دریائے سندھ میں بھی بڑے پیمانے پر سیلاب کا خطرہ ہے۔ ادارے نے تمام متعلقہ اداروں کو ممکنہ سیلاب (بقیہ نمبر 33)

نارووال: جسر میں نالہ بسنتر کا پانی آنے سے لوگ نقل مکانی کر رہے ہیں

نارووال، بھیکو چک میں سیلاب میں پھنسے لوگوں کو محفوظ مقام کی طرف منتقل کیا جا رہا ہے

ایس پی ڈولفن خالد محمود اعوان کا اردل روم کا انعقاد

پولیس افسران کے ذاتی ومحکمانہ مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل ہوں گے، ایس پی ڈولفن

اسلام آباد (این این آئی) ایس پی ڈولفن خالد محمود اعوان نے پولیس افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کیلئے اردل روم کا انعقاد کیا، جس میں ڈولفن پولیس افسران کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق پولیس افسران نے اردل روم میں اپنے ذاتی و سرکاری نوعیت کے (بقیہ نمبر 34)

ڈی جی سیف سٹی شاکر حسین داوڑ کی سربراہی میں اہم اجلاس

اجلاس میں پہلے سے سونپے گئے اہداف کی تکمیل کے حوالے سے باز پرس کی

اسلام آباد (این این آئی) ڈی جی سیف سٹی شاکر حسین داوڑ کی سربراہی میں اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا، اجلاس میں پہلے سے سونپے گئے اہداف کی تکمیل کے حوالے سے باز پرس کی، جبکہ باڈی وارن کیمرہ جات کی تھانہ جات، اہم ایونٹس اور لاء اینڈ آرڈر ڈیوٹیز کے دوران موثر استعمال کو یقینی بنانے کیلئے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل سیف سٹی شاکر حسین داوڑ کی سربراہی میں سیف سٹی اسلام آباد (بقیہ نمبر 35)

آر پی او سرفراز سرفراز الپا اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کینٹ بورڈ کا کریک ڈاؤن بھرپور انداز میں جاری

کشمیر روڈ سمیت مختلف مقامات پر تجاوزات کے خلاف کارروائی

بازاروں کی کشادگی شہریوں کے لئے آسانی کا باعث، دو سے تین ٹرک سامان ضبط

سی ای او کینٹ عرفان علی رضوی کی ہدایت پر انفورسمنٹ ٹیم کا بڑا آپریشن

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) سی ای او کینٹ عرفان علی رضوی کی خصوصی ہدایت پر اڈیشنل سی او کینٹ ارشد علی خان کی زیر نگرانی انفورسمنٹ انسپکٹر راجہ ندیم نے ٹیم کے ہمراہ کشمیر روڈ، سعدی روڈ، کامران مارکیٹ، ریلوے روڈ، مین بازار، کباڑی بازار، چھوٹا بازار، پولیس اسٹیشن روڈ، حیدر روڈ اور ہسپتال روڈ پر تجاوزات کے خلاف بھرپور کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران دو سے تین ٹرک سامان ضبط کر کے بورڈ کے اسٹور منتقل کیا گیا۔ اس موقع پر انفورسمنٹ انسپکٹر راجہ ندیم نے کہا کہ کینٹ بورڈ کا مقصد عوام کو کشادہ سڑکیں اور بہتر سہولیات (بقیہ نمبر 36)

ٹریفک پولیس کا ٹرانسجینڈر اسکول میں آگاہی سیشن

ڈرائیونگ لائسنس سہولتوں سے بھی روشناس معاشرتی شمولیت کی جانب اہم قدم

راولپنڈی (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن، ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب وقاص نذیر کے احکامات اور چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کی ہدایات پر انچارج ایجوکیشن ونگ انسپکٹر فیصل گیلانی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ٹرانسجینڈر سکول کا دورہ کیا۔ اس موقع پر خواجہ سراں کو ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی کے حوالے سے آگاہی لیکچر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر فیصل گیلانی نے ٹرانسجینڈر کمیونٹی کو سٹی (بقیہ نمبر 37)

گوجر خان پولیس کی کارروائی زیر حراست گینگ سے برآمد ہونے والی مسروقہ موٹر سائیکل اور مسروقہ موٹر سائیکل کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم

فتنۃ الخوارج نے گھر پر حملہ کر کے پولیس کانسٹیبل کو شہید کر دیا

فتنۃ الخوارج کے 25 سے 30 دہشت گردوں نے کانسٹیبل رافید اللہ کے گھر پر دھاوا بولا

بنوں (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں میں دہشت گردوں نے گھر پر حملہ کر کے پولیس کانسٹیبل کو شہید کر دیا۔ ترجمان ریجنل پولیس افسر (آر پی او) کے مطابق رات گئے فتنۃ الخوارج کے 25 سے 30 دہشت گردوں نے کانسٹیبل رافید اللہ کے گھر پر دھاوا بولا، اس موقع پر کانسٹیبل رافید اللہ نے ہتھیار ڈالنے کے بجائے دہشت گردوں کا ڈٹ (بقیہ نمبر 38)

بیراج کو بچانے کیلئے دھماکہ خیز مواد کے ذریعے دریائے چناب میں ہیڈ قادر آباد کا حفاظتی بند توڑا جا رہا ہے

مون سون کا نیا اسپیل (کل) سے ملک میں داخل ہوگا، محکمہ موسمیات

ستمبر کے پہلے ہفتے میں موسلا دھار بارشوں اور سیلابی صورتحال کا خدشہ

لاہور (این این آئی) محکمہ موسمیات نے ملک میں مون سون کا اگلا سلسلہ 29 اگست سے داخل ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے دو روز تک زیادہ بارشوں کا امکان نہیں، 29 اگست سے مون سون کا اگلا سپیل پاکستان میں داخل ہوگا، ستمبر کے پہلے ہفتے میں ملک کے مختلف مقامات پر موسلا دھار بارش اور سیلابی صورتحال کا خدشہ بھی ظاہر کیا گیا ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ موسمیات عرفان ورک نے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چناب اور ستلج سے بڑے سیلابی ریلے گزر چکے، پیچھے پانی کم ہے، سیلاب سے (بقیہ نمبر 39)

مہنگائی کو موبائل انٹرنیٹ ڈیٹا قیمتوں میں اضافے کا سبب قرار دے دیا گیا

پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کا موبائل انٹرنیٹ پیکجز کی قیمتوں میں اضافے کا دفاع

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے موبائل انٹرنیٹ پیکجز کی بڑھتی قیمتوں کا دفاع کرتے ہوئے اسے مہنگائی کا شاخسانہ قرار دے دیا۔ ڈائریکٹر جنرل کمرشل افیئرز عادل عمر خلیل نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں انٹرنیٹ ٹیرف اب بھی دیگر ممالک کے مقابلے میں کم ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی اے ڈومیننٹ آپریٹر جاز کی قیمتوں کو ریگولیٹ کرتا ہے جبکہ مستقبل میں اسپیکٹرم آکشن اور (بقیہ نمبر 40)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

دریائے چناب میں چنیوٹ کے مقام سے گزرنے والے سیلابی ریلے نے تباہی مچادی، متعدد دیہات زیر آب آگئے

ساڑھے 8 لاکھ کیوسک کا سیلابی ریلا چند گھنٹوں میں چنیوٹ میں دریائے چناب کی حدود سے گزرے گا

قائم فلڈ ریلیف کیمپ کا بھی دورہ۔ ریلیف کیمپ میں ادویات کی دستیابی، حفاظتی ساز وسامان کی موجودگی کا جائزہ لیا

چنیوٹ (نمائندہ عوامی للکار) دریائے چناب میں چنیوٹ کے دریائی علاقوں میں اونچے درجے کا سیلاب۔ ساڑھے 8 لاکھ کیوسک کا سیلابی ریلا چند گھنٹوں میں چنیوٹ میں دریائے چناب کی حدود سے گزرے گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر۔ ضلعی انتظامیہ نے ہنگامی صورتحال کے پیش نظر تمام تر حفاظتی اقدامات کو مزید چوکس کر دیا۔ کمشنر فیصل آباد مریم خان اور ریجنل (بقیہ نمبر 41)

لاہور: ایگزیکٹو ڈائریکٹر احمر محبوب عالم چوہدری سے سابق ڈی جی والڈ سٹی کامران لاشاری اور سابق چیئرمین احمر ایاز وہاشمی ملاقات کر رہی ہیں

اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کریک ڈاؤن جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران سنگین جرائم میں ملوث 06 اشتہاری مجرمان سمیت 15 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر لئے گئے، ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں (بقیہ نمبر 42)

جہانگیر ترین کا سیلاب متاثرین کیلئے 2 کروڑ کی مالی امداد کا اعلان

قدرتی آفات قومی یکجہتی کا تقاضہ کرتی ہیں، سیلاب متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑیں گے

لاہور (این این آئی) جہانگیر خان ترین نے لودھراں کے سیلاب متاثرین کے لئے 2 کروڑ روپے سے زائد کی امداد کا اعلان کرتے ہوئے اپنی ٹیم کو متاثرہ علاقوں میں عملی طور پر امدادی سرگرمیاں شروع کرنے کی ہدایت کردی۔ اپنے بیان میں جہانگیر ترین نے کہا کہ سیلاب متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، سیلاب متاثرہ بہن بھائیوں کی بحالی (بقیہ نمبر 43)

تھانہ صدر کے علاقے اوڈھروال میں ڈکیتی کی سنگین واردات

چکوال (این این آئی) تھانہ صدر کے علاقے اوڈھروال میں گزشتہ رات ڈکیتی کی سنگین واردات پیش آئی۔ نامعلوم مسلح افراد گھر میں گھس کر میاں بیوی اور بچوں کو یرغمال بنا کر لاکھوں روپے کی نقدی اور زیورات لوٹ کر فرار ہوگئے۔ متاثرہ شخص سیف الرحمٰن، جو رکشہ ڈرائیور ہیں، نے پولیس کو بتایا کہ دو روز قبل انہوں نے اپنا رکشہ تین لاکھ تیس ہزار روپے میں فروخت کیا تھا۔ گزشتہ رات دو مسلح افراد گھر کے پچھلی جانب سے (بقیہ نمبر 44)

بھارت نے راوی میں 2 لاکھ کیوسک کا ریلا چھوڑ دیا

مسلسل بارشوں کے بعد دریائے راوی، چناب اور ستلج بھر گئے

لاہور (این این آئی) بھارت نے دریائے راوی میں 2 لاکھ کیوسک کا ریلا چھوڑ دیا، مسلسل بارشوں کے بعد دریائے راوی، چناب اور ستلج بھر گئے۔ دریائے چناب میں ہیڈ مرالہ کے مقام پر انتہائی اونچے درجے کا سیلاب ہے، پانی کی آمد 6 لاکھ 96 ہزار 534 کیوسک ریکارڈ کی گئی ہے۔ فلڈ فورکاسٹنگ ڈویژن لاہور کے مطابق دریائے ستلج میں گنڈا سنگھ والا کے مقام پر انتہائی اونچے درجے کا سیلاب ہے، پانی کا بہاؤ 2 لاکھ 45 ہزار 236 کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔

مقبوضہ کشمیر میں طوفانی بارش اور لینڈ سلائیڈنگ سے تباہی، 30 افراد ہلاک

سیلاب کے باعث حکام نے رات کے وقت لوگوں کو گھروں کے اندر رہنے کی ہدایات جاری کیں

بھارتی محکمہ موسمیات کی لداخ کے پہاڑی علاقے میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیش گوئی

قصور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان دریائے ستلج میں سیلاب کے بعد متاثر ہونے والے دیہاتوں کا دورہ کر رہے ہیں

سرینگر (این این آئی) موسلا دھار بارش اور لینڈ سلائیڈنگ نے مقبوضہ کشمیر سے ہمالیائی ریاست ہماچل پردیش تک تباہی مچا دی ہے، کلاؤڈ برسٹ کے نتیجے میں ہلاکتوں کی تعداد 30 ہوگئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق طوفانی بارش کے باعث بھارت کے زیر قبضہ جموں خطے میں ایک معروف ہندو یاترا کے راستے پر لینڈ سلائیڈنگ ہوئی جس کے نتیجے میں 30 افراد ہلاک ہوگئے۔ سیلاب کے باعث حکام نے رات کے وقت لوگوں کو گھروں کے اندر رہنے کی ہدایات (بقیہ نمبر 45)

کرتار پور کے قریب راوی کا حفاظتی بند ٹوٹنے سے پانی گردوارے میں داخل

پانی کے تیز بہاؤ کے باعث نارووال شکر گڑھ روڈ کو ٹریفک کے لیے بند کر دیا گیا

نارووال (این این آئی) کرتار پور کے قریب دریائے راوی کا حفاظتی بند ٹوٹنے سے پانی گردوارے میں داخل ہوگیا، پانی کے تیز بہاؤ کے باعث نارووال شکر گڑھ روڈ ٹریفک کے لیے بند کر دیا گیا۔ بھارتی آبی جارحیت سے شکر گڑھ میں کوٹ نیناں کے مقام پر دریائے راوی میں 2 لاکھ 50 ہزار کیوسک سے زائد ریلہ گزر رہا ہے جس سے بھیکو چک کے قریب حفاظتی بند میں شگاف پڑ گیا، بھیکو چک، نوشہرہ، نوگزہ کرتار پور مین (بقیہ نمبر 46)

اسلام آباد پولیس تھانہ شمس کالونی ٹیم کی موثر کارروائی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس تھانہ شمس کالونی کی ٹیم نے موثر کارروائی کرتے ہوئے چوری کی وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کا اہم رکن گرفتار کر لیا، ملزم کے قبضہ سے مسروقہ نقدی برآمد، گرفتار ملزم کیخلاف مقدمات درج ہیں، مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر اور سنگین جرائم کی وارداتوں میں ملوث (بقیہ نمبر 47)

سیلابی صورتحال، ڈیمز نہ بننے سے کل ذخیرہ سے زائد پانی سمندر برد

یکم اپریل سے اب تک 11 ارب ڈالر مالیت کا پانی سمندر میں ضائع ہوا، رپورٹ جاری

اسلام آباد (این این آئی) پنجاب سمیت ملک کے تمام بڑے دریاؤں میں شدید بارشوں کے باعث سیلابی صورتحال ہے تاہم دریاؤں میں ڈیمز نہ بنائے جانے کی صورت میں کل ذخیرہ سے زائد پانی سمندر برد ہو چکا ہے۔ تفصیلات کے مطابق یکم اپریل سے اب تک ایک کروڑ 18 لاکھ ایکڑ فٹ پانی سمندر برد ہو چکا ہے، یکم اپریل سے اب تک 11 ارب ڈالر مالیت کا پانی سمندر میں ضائع ہوا اور 1 ملین ایکڑ فٹ پانی کی اکنامک ویلیو 1 ارب (بقیہ نمبر 48)

ن لیگی قیادت میں نئے چیف الیکشن کمشنر سمیت اہم سیاسی و آئینی امور پر مشاورت

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) حکمران جماعت (ن) لیگ کی مرکزی قیادت نے نئے چیف الیکشن کمشنر سمیت اہم سیاسی و آئینی امور پر مشاورت کر لی۔ ذرائع کے مطابق مری میں سابق وزیر اعظم اور ن لیگی صدر نواز شریف، وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ملاقات کی اس دوران تینوں رہنماؤں نے سیاسی اور آئینی امور سمیت سیلاب کی تباہ کاریوں پر بات چیت کی، نئے چیف الیکشن کمشنر سمیت دیگر اہم امور بھی زیر غور آئے۔

نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال سیلاب سے متاثرہ علاقے کا جائزہ لے رہے ہیں۔

پوٹھوہار ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان گیم چینجر ثابت ہوگا، وزیر زراعت پنجاب

77 ہزار روپے فی ایکڑ سبسڈی کے ذریعے بلڈوزر سے 45 سو ایکڑ رقبہ کی اصلاح کی جائے گی

کاشتکاروں کو 25 ہزار کلو گرام مونگ پھلی کی اعلیٰ اقسام کا بیج فراہم کیا جائے گا، عاشق حسین کرمانی

راولپنڈی (این این آئی) وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا۔ اجلاس میں راولپنڈی ڈویژن کے ممبران صوبائی اسمبلی نے خصوصی شرکت کی جبکہ پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خان لغاری، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو اور کمشنر عامر خٹک بھی شریک ہوئے۔ علاوہ ازیں، ڈائریکٹر جنرلز زراعت اور ڈپٹی کمشنرز بھی اجلاس میں موجود تھے اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے اجلاس سے خطاب (بقیہ نمبر 49)

پی ٹی آئی، سیاسی معاملات مزید مشاورت کیلئے سیاسی کمیٹی کے سپرد

9 مئی مقدمات میں نااہلی پانے والے ارکان کو پی ٹی آئی اپنا حقیقی نمائندہ سمجھتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کی سیاسی کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق سیاسی معاملات مزید مشاورت کے لیے سیاسی کمیٹی کے سپرد کر دیے گئے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ توشہ خانہ ٹرائل کی اڈیالہ جیل میں روزانہ سماعت پر گہری تشویش ہے، روزانہ سماعت سے ملزمان کے بنیادی حقوق متاثر ہوں گے، انصاف کی فراہمی میں رکاوٹ روزانہ سماعت سے پیدا ہوگی۔ پی ٹی آئی نے اعلامیے میں کہا ہے کہ 9 مئی کے مقدمات میں نااہلی پانے والے ارکان کو پی ٹی آئی اپنا حقیقی نمائندہ سمجھتی ہے، نااہل ارکان کے حلقوں میں ہونے والے ضمنی انتخابات کا بائیکاٹ کیا جائے گا، ناحق سزائیں پانے (بقیہ نمبر 50)